آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 35 | بروز پیر 10 اپریل 2023ء بمطابق 19 رمضان المبارک 1444ھ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 84

میرے خلاف سازش جنرل (ر) باجوہ نے ایکسٹینشن کیلئے کی، عمران خان

شہباز شریف نے ایکسٹینشن کی یقین دہانی کرائی تھی لیکن نواز شریف اس میں رکاوٹ بن گیا، ملک لندن پلان پر چل رہا ہے ویڈیو لنک سے خطاب

لندن پلان ہے ہم نہیں جیت سکتے اس لیے ابھی انتخابات نہ کراؤ، ہمیں بینک کرپٹ معیشت ملی، ہمارے دور میں معیشت 6 فیصد سے گروتھ کر رہی تھی

40 لاکھ لوگ غربت کی لکیر سے نیچے چلے گئے ہیں، میری قوم تیار ہو جائے اگر ان کا خیال ہے یہ الیکشن نہیں کرائیں گے جس کا ان کا ارادہ ہے، یہ سمجھتے ہیں ہم چپ کر جائیں گے ہمیں سڑکوں پر نکلنا پڑے گا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے اپنی حکومت ختم ہونے اور پی ڈی ایم حکومت کو ایک سال کا عرصہ مکمل ہونے پر وائٹ پیپر جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ میرے خلاف سازش امریکہ سے نہیں بلکہ شہباز شریف کو لانے کیلئے یہاں سے کی گئی، ساری سازش جنرل (ر) باجوہ نے ایکسٹینشن کیلئے کی، شہباز شریف نے ایکسٹینشن کی یقین دہانی کرائی تھی لیکن نواز شریف اس میں رکاوٹ بن گیا، ملک لندن پلان پر چل رہا ہے جس سے ملک کا بیڑہ غرق ہو رہا ہے لندن پلان ہے بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00

اہل تشیع		
	فجر صبح	05:45
	ظہرین	12:30
	مغرین	6:15

اسلام آباد، وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس: عدالتی حکم اور چار معزز ججز کے تفصیلی فیصلے پر غور

وزارت قانون کی مشاورت سے معاملے میں پارلیمان سے رہنمائی حاصل کرنے کیلئے طریقہ کار اور ضابطہ کے مطابق سمری تیار کرے، کابینہ

کابینہ کا اجلاس (آج) دوبارہ ہوگا، مستقبل کی حکمت عملی سے متعلق فیصلہ کیا جائیگا، اجلاس کی صدارت وزیراعظم شہباز شریف کرینگے

وزیر قانون سینیٹر اعظم نزیر تارڑ نے اجلاس کو مختلف آئینی وقانونی امور پر بریفنگ دی اور کابینہ کے ارکان کے سوالات کے جواب دیئے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی زیر صدارت کابینہ اجلاس میں چار ججز کے تناسب سے آنے والے عدالتی حکم اور چار معزز جج صاحبان کے تفصیلی فیصلے پر غور کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف کی صدارت میں وفاقی کابینہ کا اجلاس اتوار کو وزیراعظم ہاؤس میں منعقد ہوا جو دو گھنٹے تک جاری رہا۔ اجلاس نے چار ججز کے تناسب سے آنے والے عدالتی حکم اور چار معزز جج صاحبان کے تفصیلی فیصلے پر غور کیا جبکہ 6 اپریل 2023 کو قومی اسمبلی کی منظور کردہ قرارداد پر تفصیلی مشاورت کی۔ وزیر قانون سینیٹر اعظم نزیر تارڑ نے اجلاس کو مختلف آئینی وقانونی امور پر بریفنگ دی اور کابینہ کے ارکان کے سوالات کے جواب دیئے۔ تمام پہلوؤں کا بغور جائزہ لینے اور تفصیلی مشاورت کے بعد کابینہ نے متفقہ طور پر وزارت خزانہ کو ہدایت کی کہ وزارت قانون کی مشاورت سے اس معاملے میں پارلیمان بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

فیصل آباد، وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف کا کابینہ کے اجلاس میں ہم آہنگی کی ضرورت پر زور

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ہمیں ضبط وتحمل، بھائی چارے اور انسانیت کے ساتھ محبت کا درس دیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے دنیا بھر کی مسیحی برادری، خاص طور پر یہ دن منانے والے ہمارے پاکستانی مسیحی بھائیوں اور بہنوں کو ایسٹر کی مبارکباد دی ہے۔ اتوار کو اپنے ٹویٹ میں انہوں نے کہا کہ آیئے ہم سب دنیا کو ایک پرامن جگہ بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کا بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

تربت میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک غیر مقامی شخص جاں بحق ہوگیا

تربت (این این آئی) تربت میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک غیر مقامی شخص جاں بحق ہوگیا ہے۔ پولیس کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے تھر بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

خاران سٹی میں ماسٹر احمد نامی شخص کو گھر میں گھس کر فائرنگ کرکے قتل کردیا گیا

خاران (نمائندہ خصوصی) خاران سٹی میں ماسٹر احمد نامی شخص کو گھر میں گھس کر فائرنگ کرکے قتل کردیا گیا فائرنگ سے ایک خاتون بھی بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

گورنر کا بڑا عہدہ اگر ایسا بیان دیا ہے تو اس پر افسوس ہی کیا جاسکتا ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے گورنر بلوچستان کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ گورنر کا بڑا عہدہ اگر بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کے سیشن کا آغاز (آج) سے ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے سیشن کا آغاز (آج) پیر سے ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج پیر سہ پہر بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

الیکشن کمیشن کو مزید بااختیار بنانے کیلئے 57(1) اور 58 میں ترمیم کی سفارش

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کی تاریخ اور الیکشن پروگرام میں تبدیلی سے متعلق الیکشن کمیشن کو مزید بااختیار بنانے کیلئے الیکشن کمیشن بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

جسٹس عیسیٰ کیخلاف ریفرنس واپسی کی درخواست پر سماعت چیف جسٹس (آج) کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس آف پاکستان عمر عطا بندیال (آج) 10 اپریل کو وفاقی حکومت کی کیوریٹو ریویو پٹیشن کو واپس بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

ملک بھر میں مزید 56 افراد میں کووڈ 19 کی تشخیص، 4 کی حالت تشویش ناک

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں مزید 56 افراد میں کووڈ 19 کی تشخیص ہوئی ہے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کی بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

ملک بھر میں عیدالفطر پر 4 سے 5 چھٹیاں ملنے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں عیدالفطر پر کتنی چھٹیاں دی جائیں گی، کابینہ ڈویژن نے ورکنگ کا آغاز کردیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

ایران، اسکول کی مزید درجنوں طالبات کو زہر دینے کے واقعات

ملک کے 31 صوبوں کے 25 مقامات کے 230 اسکولوں میں 5 ہزار طالبات متاثر ہوچکی ہیں، رپورٹ

تہران (این این آئی) ایران بھر میں طالبات کو زہر دینے کے پراسرار واقعات کا سلسلہ جاری ہے جس نے کئی مہینوں سے ملک کو ہلا کر رکھا ہوا ہے، مقامی میڈیا کے مطابق ہفتے کو متعدد اسکولوں کی مزید درجنوں طالبات کو زہر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نومبر کے آخر سے ان کیسوں کی بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

آئین پاکستان 1973 کی 50 ویں سالگرہ منانے کیلئے تمام تیاریاں مکمل، (آج) پیر کا آغاز ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کے سپیکر راجہ پرویز اشرف کی قیادت میں آئین پاکستان 1973 کی 50 ویں سالگرہ منانے کے لیے تمام تیاریاں مکمل ہوگئیں، (آج) پیر کو تقریبات کا آغاز ہوگا۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق آئین پاکستان ایک تاریخی دستاویز ہے جس نے ملک میں جمہوری اور ترقی پسند معاشرے کی بنیاد رکھی ہے۔ بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

توشہ خانہ کیس، عمران خان 11 اپریل کو اسلام آباد سیشن کورٹ طلب

جلد سماعت کرنے سے متعلق الیکشن کمیشن کی درخواست پر طلبی کے سمن جاری کیے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی عدالت نے توشہ خانہ فوجداری کارروائی کیس میں الیکشن کمیشن کی درخواست پر سابق وزیراعظم اور پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کو 11 اپریل کو طلب کر لیا۔ ایڈیشنل سیشن جج ظفر اقبال نے توشہ خانہ کیس کی جلد سماعت کرنے سے متعلق بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

سبی میں تیز رفتاری کے باعث ٹرک الٹنے سے دو بچے جاں بحق خواتین اور بچوں سمیت 17 افراد زخمی

کوئٹہ (این این آئی) سبی میں تیز رفتاری کے باعث ٹرک الٹنے سے دو بچے جاں بحق، خواتین اور بچوں سمیت 17 افراد زخمی ہوگئے۔ لیویز فورس کے مطابق سبی کے علاقے بائی پاس لچی کے مقام پر کوئٹہ جانے والا خانہ بدوشوں کا ٹرک تیز رفتاری کے باعث الٹ گیا جس کے نتیجے میں ٹرک میں سوار دو بچے بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے صوبائی وزیر اکبر آسکانی کی قیادت میں تربت کا وفد ملاقات کر رہا ہے

عمران خان نے 4 سال میں معیشت کو کمزور کیا، بلال اظہر کیانی

پی ٹی آئی والے معیشت کے بارے میں جھوٹا پروپیگنڈا کر رہے ہیں

خان صاحب کی تباہی کی وجہ ان کے 4 وزرائے خزانہ تھے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کے آرڈی نیٹر معیشت و تواناتی بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی والے معیشت کے بارے میں جھوٹا پروپیگنڈا کر رہے ہیں، عمران خان نے 4 سال میں معیشت کو کمزور کیا، خان صاحب کی تباہی کی وجہ ان کے 4 وزرائے خزانہ تھے، عمران خان نے 4 سال میں 2 کروڑ لوگوں کو غربت کی لکیر کے نیچے دھکیلا، اپنی نااہلی اور چوری سے ملکی معیشت کو تباہ کیا آج مہنگائی خان صاحب کی نااہلی، چوری اور بددیانتی کی وجہ سے ہے۔ اتوار کو یہاں پریس بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

71 لاکھ 90 ہزار ڈالر مالیت کے اسمارٹ فونز کی غیر قانونی درآمد کا انکشاف

تمام درآمد شدہ فونز کے آئی ایم ای آئی نمبرز پی ٹی اے کے ذریعے رجسٹر کروانے ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی ایک رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ ملک میں 71 لاکھ 90 ہزار ڈالر مالیت کے موبائل فون لیٹر آف کریڈٹ (ایل سیز) کھولے یا بینکنگ چینل کو استعمال کیے بغیر غیر قانونی طور پر درآمد کیے گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹ بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

73 کا آئین ہمارا قومی لائحہ عمل اور وفاق کی زنجیر ہے، بلاول بھٹو

1973 کا آئین ملک کے پہلے منتخب وزیراعظم شہید ذوالفقار علی بھٹو کا قوم کو تحفہ اور امانت ہے، قوم کے لیے متفقہ آئین کو بنانے میں اپنا کردار ادا کرنے والے تمام سیاسی رہنماؤں کو بھی سلام پیش کرتا ہوں

14 اگست 1947 کے بعد ہماری قومی تاریخ کا دوسرا اہم ترین دن 10 اپریل 1973 ہے، آئین کو بنانے اور بچانے کے حوالے سے پاکستان پیپلز پارٹی کی تاریخ بے مثال ہے، بیان

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین و وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ 1973 کا آئین ہمارا قومی لائحہ عمل اور وفاق کی زنجیر ہے۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس سے جاری کردہ بیان کے مطابق انہوں نے 1973 کے آئین کی گولڈن جوبلی کے موقع پر پوری قوم کو یوم دستور کی مبارک باد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ 1973 کا آئین ملک کے پہلے منتخب وزیراعظم شہید ذوالفقار علی بھٹو کا قوم کو تحفہ اور امانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوم کے لیے متفقہ آئین کو بنانے میں اپنا کردار ادا کرنے والے تمام سیاسی رہنماؤں کو بھی سلام پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ 14 اگست 1947 کے بعد بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

ملک میں وسائل کی کمی نہیں مسئلہ وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم کا ہے، سراج الحق

ملک کو حقیقی جمہوری راستہ پر ڈالنے کے لیے سیاسی جماعتوں کا ڈائیلاگ ناگزیر ہے،

13 جماعتوں کی اتحادی حکومت قوم کو اپنی ایک سال کی کارکردگی بتائے، امیر جماعت اسلامی

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ ملک کو حقیقی جمہوری راستہ پر ڈالنے کے لیے سیاسی جماعتوں کا ڈائیلاگ ناگزیر ہے، ماضی میں سیاسی جماعتوں کے تصادم کے نتیجہ میں غیر جمہوری قوتوں کو موقع ملا، شفاف الیکشن کے انعقاد کے لیے تمام سٹیک ہولڈرز کا ایک پیج پر آنا ضروری ہے، 13 جماعتوں کی اتحادی حکومت قوم کو اپنی ایک سال کی کارکردگی بتائے، گزشتہ 365 دنوں میں روپیہ کی حیثیت کاغذ کے ایک ٹکڑے کی سی رہ گئی ہے، ملکی تاریخ میں یہ تماشا پہلی دفعہ برپا ہوا کہ پارلیمنٹ اور عدالت کے درمیان کھل کر جنگ ہو رہی ہے، جنوبی ایشیا کے بھی ممالک پاکستان سے آگے نکل گئے، آج نقطے میں سب سے زیادہ مہنگائی پاکستان میں ہے اور نوبت یہاں تک آگئی کہ گزشتہ چند دنوں میں آٹے کے تھیلے کے لیے 20 لوگوں کی جانیں چلی گئیں، موجودہ اور سابقہ حکومت کی نااہلی کی وجہ سے معیشت سمیت ہر شعبہ تباہی سے دوچار ہوا، آج خیبر پختونخوا خود بدامنی کی آگ میں جل رہا ہے، تاجروں کو بھتے کیلئے کالیں آتی بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

ملک میں جمہوریت کی مضبوطی کے لیے آئین کی بالادستی کو یقینی بنانا ہوگا، راجہ پرویز اشرف

آئین پاکستان تمام شہریوں کو بنیادی حقوق کی ضمانت دیتا ہے، سپیکر و ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی

ماضی میں آئین کو سبوتاژ کیا گیا جس کی وجہ سے ملک میں انتشار پیدا ہوا

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف اور ڈپٹی سپیکر زاہد اکرم درانی نے کہا ہے کہ آئین پاکستان تمام شہریوں کو بنیادی حقوق کی فراہمی کی ضمانت دیتا ہے، ملک میں جمہوریت کی مضبوطی کے لیے آئین کی بالادستی کو یقینی بنانا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 1973 کے آئین کی گولڈن جوبلی کے موقع پر قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے اپنے علیحدہ علیحدہ بیانات میں کیا۔ سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ آج کا دن ہمیں اس تاریخی دن کی یاد دلاتا ہے جب پانچویں قومی اسمبلی نے متفقہ طور پر بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

ملک میں دہشت گردی کے واقعات میں کمی واقع ہوئی ہے، ضیاء لانگو

پاکستان میں دہشت گردی پروان چڑھائی ہو تو بھارت اپنے خزانوں کے منہ کھول دیتا ہے وزیر داخلہ بلوچستان

جن کی مداخلت بلوچستان میں بھی تھی ایسے میں یہ پتا لگانا کافی مشکل تھا کہ لاپتا ہونے والے شخص کو کس نے اٹھایا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے وزیر داخلہ و قبائلی امور میر ضیاء اللہ لانگو کا کہنا ہے کہ بلوچستان سمیت ملک بھر امن امان کی صورتحال بے حد تشویشناک ہے، کبھی مذہب کے نام پر تو کبھی قوم پرستی کے نام پر شدت پسندی کی آگ بھڑکائی جاتی ہے۔ نجی ٹی وی سے خصوصی انٹرویو میں وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ دہشت گردی پروان چڑھانے میں تین عناصر درکار ہوتے ہیں۔ ان میں پہلا پیسا، مالی معاونت ہے، پاکستان میں دہشت گردی پروان چڑھائی ہو تو بھارت اپنے خزانوں کے منہ کھول دیتا ہے، اسی کے ساتھ ہی بھارت پاکستان کو نیچا دکھانے کا کوئی بھی موقع جانے نہیں دیتا، ضیاء اللہ لانگو کے مطابق دہشت گردی کے فروغ میں دوسرا عنصر دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہیں ہے۔ ہم نے دیکھا ہے کہ دہشت گرد ملک کے مختلف حصوں میں کارروائیاں کرکے سرحد عبور کر جاتے ہیں، جہاں افغانستان میں ان کے لیے محفوظ پناہ گاہیں موجود ہیں اس حوالے سے مزید نشاندہی کرتے ہوئے صوبائی وزیر داخلہ نے بتایا کہ اندرونی اعداد و وہ تیسرا عنصر ہے جو دہشت گردی بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

کسی کی ذاتی خواہشات پر انتخابات کے انعقاد کے حق میں نہیں، لانا عبدالواسع

وفاقی حکومت اپنی مدت پوری کرنے کے بعد ملک میں عام انتخابات کرائیگی،

عام انتخابات سے پہلے صوبائی انتخابات ملکی سالمیت کے لیے زہر قاتل ہوں گے، وفاقی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر و وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا ہے وفاقی حکومت اپنی مدت پوری کرنے کے بعد ملک میں عام انتخابات کرائیگی، عام انتخابات سے پہلے صوبائی انتخابات ملکی سالمیت کے لیے زہر قاتل ہوں گے، جمعیت علمائے اسلام ہر وقت عام انتخابات کیلئے تیار ہے مگر کسی کی خواہشات پر انتخابات کے حق میں نہیں ہے۔ افطار ڈنر سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک میں استحکام کیلئے عام انتخابات بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

چیئرمین سینیٹ کی پاکستان اور دنیا بھر میں مسیحی بھائیوں اور بہنوں کو ایسٹر کی مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے ایسٹر کے موقع پر مسیحی بھائیوں اور بہنوں اور ان کے اہل خانہ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد اور نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مسلمان ہونے کے ناطے، ہم اپنے مسیحی بھائیوں کے ساتھ ایک قدر مشترکہ رکھتے ہیں جس کی بنیاد نبی حضرت عیسیٰ (علیہ السلام) کے بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

بلوچستان سمیت ملک بھر میں مسیحی برادری کی جانب ایسٹر کا تہوار منایا گیا

گرجا گھروں میں ایسٹر عبادات اور دعائیہ تقریبات ہوئیں جن میں ملک کی سلامتی اور خوشحالی کی دعائیں مانگی گئیں

صوبے میں تمام اقلیتوں کو مکمل طور پر مذہبی آزادی اور تحفظ حاصل ہے 'میر عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت صوبے اور ملک بھر میں مسیحی برادری کی جانب ایسٹر کا تہوار منایا گیا، پاکستان میں بھی گرجا گھروں میں ایسٹر عبادات اور دعائیہ تقریبات ہوئیں جن میں ملک کی سلامتی اور خوشحالی کی دعائیں مانگی گئیں۔ گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ اور وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی مسیحی برادری کو ایسٹر کے تہوار پر مبارکباد پیش کی۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ سمیت بلوچستان اور ملک بھر میں مسیحی برادری کی جانب سے ایسٹر کا تہوار منایا گیا، اس موقع پر بلوچستان و پاکستان میں بھی گرجا گھروں میں ایسٹر عبادات اور دعائیہ تقریبات ہوئیں جن میں ملک کی سلامتی اور خوشحالی کی دعائیں مانگی گئیں۔ ایسٹر کے موقع پر گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ اور وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی مسیحی برادری کو ایسٹر کے تہوار پر مبارکباد پیش کی اور بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں مسجد حرام کی تیسری توسیع بھی کھولنے کا اعلان

مکہ مکرمہ (این این آئی) عمومی صدارت برائے امور مسجد حرام و مسجد نبوی نے اعلان کیا ہے کہ المسجد الحرام کی تیسری سعودی توسیع کو رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں نمازیوں کی آمد کے پیش نظر کھول دیا جائے گا۔ عمومی صدارت کی نمائندگی کرنے والی تیسری سعودی توسیعی ایجنسی نے مزید واضح کیا ہے بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ساحل بلوچستان کے 7 مختلف مقامات پر ایکوٹورزم ریزورٹس پر کام تیزی سے جاری

گوادر (این این آئی) ساحل بلوچستان کے 7 مختلف مقامات پر ایکوٹورزم ریزورٹس پر کام تیزی سے جاری، ایکوٹورزم ریزورٹس کے منصوبوں کے بدولت بلوچستان ملک کا معاشی و سیاحتی حب کہلائے گا، ساحلی سیاحت اور بلو اکانومی کے فروغ کیلئے بلوچستان کے ساحلی شہر جیوانی، گوادر، پسنی، اورماڑہ، کنڈ ملیر، گنداخا اور میانی میں ایکوٹورزم ریزورٹس بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ایبٹ آباد، وفاقی وزیر پارلیمانی امور مرتضیٰ جاوید عباسی جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

لاپتہ افراد کا مسئلہ بلوچستان کی شورش کے خاتمے کا واسطہ ہے، ظہور احمد بلیدی

بیرونی قوتوں کی پیدا کردہ حالات سے نمٹنے کیلئے ایک پیج پر آنا ہوگا، تمام سیاسی جماعتوں کو مربوط حکمت عملی بنانی چاہیے

آبکل بی این پی مینگل کو سب کچھ اچھا اور قدوس بزنجو میں مہار تیر محمد نظر آرہا ہے لیکن الیکشن کا اعلان ہوتے ہیں وہ بھی اپنی پرانی روایت کو اپنائیں گے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء رکن صوبائی اسمبلی سابق صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ لاپتہ افراد کا مسئلہ بلوچستان کی شورش کے ساتھ واسطہ ہے جس کو حل کرنے کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کو ایک مربوط حکمت عملی بنانی چاہیے اور بیرونی قوتوں کی پیدا کردہ حالات سے نمٹنے کے لیے ایک پیج پر آنا ہوگا بی این پی مینگل کو سب کچھ اچھا اور قدوس بزنجو میں مہار تیر محمد نظر آرہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے بیان میں کیا۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ بلوچستان میں جب قوم پرست اقتدار میں آتے ہیں تو سب اچھا اور فراخت میں بے اختیاری کا راگ الاپتے رہتے ہیں اور آبکل بی این پی مینگل کو سب کچھ اچھا اور قدوس بزنجو میں مہار تیر محمد نظر آرہا ہے لیکن الیکشن کا اعلان ہوتے ہیں وہ بھی اپنی پرانی روایت کو اپنائیں گے۔ میر بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

بلوچستان کسٹمز کی چینی کے اسمگلنگ کے خلاف وسیع پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری

لکپاس فیلڈ انفورسمنٹ یونٹ نے 1960 پارسلز چینی کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کسٹمز کی چینی کے اسمگلنگ کے خلاف وسیع پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے، گزشتہ روز لکپاس فیلڈ انفورسمنٹ یونٹ نے ایف سی کے تعاون سے 1960 پارسلز چینی جو تین گاڑیوں میں لوڈ تھے۔ کی اسمگلنگ ناکام بنا کر گاڑیوں سمیت قبضے میں لے لئے گئے۔ اسی طرح نوتال اور درخشان فیلڈ انفورسمنٹ یونٹس نے کوہلو سندھ و پنجاب شاہراہ پر آنے والی 4 گاڑیوں سے 2650 پارسلز چینی برآمد کی۔ پچھلے دو ہفتوں کے دوران 848 میٹرک ٹن چینی کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

لاہور، امیر جماعت اسلامی سراج الحق منصورہ میں دورہ تفسیر القرآن الکریم کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان کے مختلف شہروں میں چینی کی قیمت میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے

کوئٹہ میں بھی ایک کلو چینی 125 روپے اور نواحی علاقوں میں 130 روپے کلو فروخت کی جارہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سمیت ملک کے مختلف شہروں میں چینی کی قیمت میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے کوئٹہ میں بھی ایک کلو چینی 125 روپے اور نواحی علاقوں میں 130 روپے کلو فروخت کی جارہی ہے فیصل آباد میں ایک کلو چینی 140 روپے کے اضافے کے بعد 130 سے 135 کی ہوگئی ہے حیدرآباد میں چینی کی قیمت میں 20 روپے کا اضافہ ہوا ہے، کراچی کی ہول سیل مارکیٹ میں چینی 120 روپے جب کہ ریٹیل میں 130 روپے فی کلو تک جا پہنچی ہے ادھر پشاور میں بھی ایک ہفتے میں ایک کلو چینی 25 روپے کا اضافے کے بعد 131 روپے کی ہوگئی ہے۔

لاہور، پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان وائٹ پیپر جاری کرنے کے موقع پر ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب کر رہے ہیں

سعودی خلائی مشن کی بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کو روانہ ہونے کی تاریخ کا اعلان

خلائی مشن 8 مئی کو مرکزی وقت کے مطابق رات 9:43 بجے لانچ کیا جائے گا، عرب ٹی وی

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے خلابازوں پر مشتمل ایکویم مشن (ایکس 2) کے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن (آئی ایس ایس) کو روانہ ہونے کی تاریخ کا اعلان کردیا گیا ہے اور یہ 8 مئی کو مرکزی وقت کے مطابق رات 9:43 بجے لانچ کیا جائے گا۔ سعودی خلائی مشن میں ایک خاتون بھی شامل ہیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق سعودی خلائی کمیشن، ناسا، اسپیس ایکس اور ایکویم اسپیس کی ایک ورچوئل پریس کانفرنس کے دوران میں مشن کی تاریخ کا اعلان کیا گیا۔ دو سعودی خلابازوں بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

ایران سے معاہدے کے باوجود امریکہ سعودی عرب تعلقات میں بہتری

واشنگٹن (این این آئی) امریکا اور سعودی عرب کے درمیان 70 سال سے زیادہ قدیم تعلقات بلاشبہ اپنے مشکل ترین مراحل میں سے گزر رہے ہیں۔ لیکن سعودی عرب اور ایران کے درمیان تعلقات کی بحالی کے لیے چین کی حمایت یافتہ حالیہ ڈیل کے باوجود، حکام اور بائیڈن انتظامیہ کے حالیہ بیانات اس بات کا اشارہ دیتے ہیں کہ یہ سرد مہر آہستہ بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

شام سے اسرائیل پر حملہ، ایک راکٹ گولان کی پہاڑیوں میں گر کر تباہ

تل ابیب (این این آئی) شام سے اسرائیل کی طرف 3 راکٹ فائر کیے گئے جب کہ ایک راکٹ گولان کی پہاڑیوں کے جنوب میں ایک کھلے علاقے میں گرا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی فوج کے ترجمان اوپیانی ارمی نے کہا کہ راکٹ حملوں کے بعد جنوبی بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

آذربائیجان اور ایران کے وزرائے خارجہ کا حالیہ کشیدگی کے بعد غلط فہمیوں پر تبادلہ خیال

دونوں ممالک کے درمیان موجودہ عدم اطمینان اور غلط فہمیوں کے بارے میں بات چیت کی گئی

باکو (این این آئی) آذربائیجان اور ایران کے وزرا خارجہ نے دونوں ملکوں میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے بعد فون پر صورت حال کے ازالے کے لیے بات چیت کی ہے۔ آذربائیجان نے جمعرات کو چار ایرانی سفارت کاروں کو ناپسندیدہ شخصیات قرار دے کر ملک بدر کرنے کا حکم دیا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آذربائیجان کی وزارت خارجہ نے بتایا کہ وزیر خارجہ جیہون بیرامووف اور ان کے ایرانی ہم منصب حسین امیر عبداللہیان کے درمیان تفصیلی بات چیت ہوئی ہے اور انھوں نے دونوں ممالک کے درمیان موجودہ بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

عمران خان کالے رنگ کے ڈبے سے باہر نکال نہیں سکتے، مریم اورنگزیب

اقتدار کی غلامی میں ڈوبا شخص بیٹی کو ٹھکرانے کے بعد حقیقی آزادی کی جنگ لڑ رہا ہے، مریم اورنگزیب

سب سے بڑا بزدل وہ ہوتا ہے جو اقتدار کی خاطر اپنی بیٹی کو قبول نہ کرے، وفاقی وزیر اطلاعات کا عمران خان کے بیان پر ردعمل

اسلام آباد (این

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

10 اپریل 2023ء

ملک میں ہفتہ وار مہنگائی کی شرح 44 فیصد سے بھی بڑھ گئی

وفاقی ادارہ شماریات نے ملک میں مہنگائی کی صورتحال پر ہفتہ وار رپورٹ جاری کردی جس کے مطابق ہفتہ وار مہنگائی کی شرح 44 فیصد سے بھی بڑھ گئی۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق ہفتہ وار مہنگائی کی شرح میں 0.92 فیصد کا اضافہ ہوا اور ہفتہ وار بنیاد پر مہنگائی کی مجموعی شرح 44.49 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے میں 27 اشیا کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، ایک ہفتے میں 7 اشیاء کی قیمتوں میں کمی اور 17 کی قیمتوں میں استحکام رہا، ایک ہفتے میں چینی کی فی کلو قیمت میں 14 روپے 64 پیسے کا اضافہ ہوا، ملک میں چینی کی فی کلو قیمت 123 روپے 27 پیسے ہوگئی۔ 20 کلو آٹے کا تھیلا 81 روپے 66 پیسے مہنگا ہوا، 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 2 ہزار 717 روپے سے بڑھ گئی، زندہ مرغی کی فی کلو قیمت میں 51 روپے 83 پیسے اضافہ ہوا۔ ادارہ شماریات کے مطابق آلو کی فی کلو قیمت میں 2 روپے 99 پیسے اضافہ ہوا، ہفتے کے دوران کیلے فی درجن 11 روپے 52 پیسے مہنگے ہوئے، ایک ہفتے میں مٹن 2 روپے 73 پیسے اور بیف 5 روپے 15 پیسے مہنگا ہوا، ایک ہفتے میں دال، چاول سمیت دودھ، دہی، انڈے بھی مہنگے ہوئے، ایک ہفتے میں پیاز 14 روپے سستا ہوا، ایک ہفتے میں ٹماٹر کی قیمت میں 13 روپے 15 پیسے کمی ہوئی، ایل پی جی کا گھریلو سلنڈر 122 روپے 58 پیسے سستا ہوا۔

بہار آئی ہے لیکن۔۔۔۔۔

محمد معاذ قریشی

فیض احمد فیض نے کہا تھا:

بہار آئی تو جیسے یک بار/ لوٹ آئے ہیں پھر عدم سے/ وہ خواب سارے شباب سارے/ جو تیرے ہونٹوں پہ مرٹے تھے/ جو مٹ کے ہر بار پھر جئے تھے/ نکھر گئے ہیں گلاب سارے/ جو تیری یادوں سے مشکبو ہیں/ جو تیرے عشاق کا لہو ہیں/ ابل پڑے ہیں عذاب سارے/ ملال احوال دوستاں بھی/ خمار آغوش مہ وشاں بھی/ غبار خاطر کے باب سارے/ ترے ہمارے/ سوال سارے جواب سارے/ بہار آئی تو کھل گئے ہیں/ نئے سرے سے حساب سارے۔

بہار کا موسم ہے۔ پیڑوں کی نئی کونپلیں پھوٹ رہی ہیں۔ ہر طرف پھول کھلے ہیں۔ چند دنوں، دو چار ہفتوں میں ان پیڑوں کی شاخیں پھلوں سے لدی نظر آئیں گی۔ دل تو یہ چاہتا ہے کہ ان پھولوں اور ان کی خوشبوؤں کی باتیں ہوں۔ ان پھولوں اور پھلوں پر منڈلاتے پرندوں اور تتلیوں کی باتیں ہوں۔ بدلتے موسم کی انگڑائیوں کا ذکر کریں۔ کچھ فرصت کے لمحات ملیں تو کسی باغ میں بیٹھ کر خود کلامی کی جائے۔ یار کی باتیں ہوں۔ غم خوار کی باتیں ہوں، لیکن فیض احمد فیض نے ہی کہا تھا:

3/4 کے فیصلے سے متعلق جو ابہام تھا وہ جسٹس اطہر من اللہ کے نوٹ سے دور ہوگیا، رانا ثناءاللہ

اور بھی دکھ ہیں زمانے میں محبت کے سوا
راحتیں اور بھی ہیں وصل کی راحت کے سوا

یہ دکھ بہار کا مزا لینے ہی نہیں دیتے۔ ایک ہفتہ پہلے کی رپورٹ ہے کہ ملک میں مہنگائی کی شرح میں ہوشربا اضافے کا سلسلہ جاری تھا اور اس ایک ہفتے میں مہنگائی کی شرح میں 80.1 فیصد کا بڑا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ تب ادارہ شماریات نے ملک میں ہفتہ وار مہنگائی کے اعداد و شمار جاری کئے تھے جن کے مطابق ملک میں مہنگائی کی مجموعی شرح 65.46 فیصد ہوگئی ہے۔ پنجاب حکومت نے کم از کم تنخواہ میں اضافہ تو کیا ہے، لیکن کوئی بتیس ہزار روپے میں بھی پانچ افراد کے گھرانے کا چند روپے کے لئے ہاتھ پھیلائے نظر آتا ہے۔ ہمارے ملک میں رمضان کے مہینے میں پیشہ ور گداگروں کی تعداد ویسے ہی بڑھ جاتی ہے، لیکن اس بار تو سفید پوش بھی ہاتھ پھیلائے نظر آتے ہیں۔ کیا گڈ گورننس ہے!

یوں تو ہمارے ملک میں مہنگائی کا زور کبھی نہیں ٹوٹا لیکن پچھلے ایک ڈیڑھ سالوں میں تو اگلے پچھلے سارے ریکارڈ توڑ ڈالے ہیں اس مہنگائی نے کروڑوں پاکستانیوں کا ماہانہ بجٹ تہس نہس کر ڈالا ہے۔ خوراک، ایندھن اور روزمرہ استعمال کی کئی اشیا کی قیمتیں اس دوران دگنی تگنی ہو چکی ہیں۔ اگرچہ مہنگائی کی یہ لہر محض پاکستان تک محدود نہیں، پوری دنیا اس کی زد میں ہے، لیکن ہمارے ہاں بدانتظامی اور معاشی بحران نے حالات کو بے حد گمبھیر بنا ڈالا ہے۔ تاہم مہنگائی کی یہ لہر پاکستان تک محدود نہیں بلکہ اس نے دنیا کے ہر ملک کو نشانہ بنایا ہے، لیکن دنیا اس حقیقت سے پوری طرح واقف اور آگاہ ہے کہ کن ممالک کا حکمران طبقہ باشعور، قابل، مستعد اور گڈ گورننس (اچھی انتظام کاری) میں آگے ہے جبکہ کون سے ملکوں میں حکمرانوں کی نالائقی اور نااہلی نے حالات کی سنگینی کو کئی گنا بڑھا دیا ہے۔ بدقسمتی سے پاکستان کا شمار ان ترقی پذیر ممالک میں ہوتا ہے جہاں حکمران طبقہ عوام کی خدمت کرنے اور عام آدمی کی توقعات پر پورا اترنے میں ناکام رہا ہے۔ اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ رمضان المبارک شروع ہونے سے پہلے حکومت نے عوام میں مفت آٹا تقسیم کرنے کا پلان بنایا، لیکن اس سلسلے میں منصوبہ بندی اس قدر ناقص تھی کہ اب تک درجن بھر افراد مفت آٹے کے حصول کی جنگ میں زندگی کی بازی ہار چکے ہیں۔ اس سوال کا جواب پتہ نہیں کون دے گا کہ بہتر انتظام کاری ان قیمتی زندگیوں کو بچا سکتی تھی یا نہیں؟

ٹھیک ہے سیلاب ایک قدرتی آفت تھی اور اس پر کسی کا زور نہیں تھا، لیکن کوئی ہے ملک میں ایک بڑے ڈیم کی تعمیر کی مخالفت کرنے والوں سے یہ سوال پوچھنے والا کہ دو ہزار کے قریب زندگیوں کے اتلاف اور اربوں ڈالر کے نقصان کا ذمہ دار کون ہے؟ ان کی مخالفت کی وجہ سے کالا باغ ڈیم تو تعمیر نہیں ہوا، لیکن سیلاب ہر دو چار سال بعد لوگوں کی جو زندگی بھر کی متاع بہالے جاتے ہیں' اس مسئلے کا حل کیا ہے ان کے پاس؟ اس حقیقت سے کون انکار کر سکتا ہے کہ باقی دنیا میں کورونا وائرس کی تباہ کاریوں کی وجہ سے معاشی مسائل سر اٹھا رہے ہیں جبکہ پاکستان میں عالمی وبا کے ساتھ ساتھ سیلاب کی تباہ کاریوں کے اثرات بھی ظاہر ہو رہے ہیں۔ ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ جب تباہ کاری ہو چکی تھی تو اسی وقت درست تخمینے لگائے جاتے اور بہتر منصوبہ بندی کی جاتی تاکہ سیلاب کی اثرات کو کم سے کم سطح پر رکھا جا سکتا' لیکن روایتی تساہل نے ہمیں بروقت کچھ بھی نہیں کرنے دیا۔ نتیجہ سب بھگت رہے ہیں اور غالباً خاصی دیر تک بھگتیں گے۔

زندگی کا کوئی بھی تو ایسا پہلو نہیں ہے جسے دیکھ کر دل کو تسلی دے لی جائے۔ ایسے میں کون ہے جو بہار کی باتیں کر سکے؟ جو کھلتے پھولوں اور چٹختی کلیوں اور پھوٹتی کونپلوں کا مزا لے سکے۔ گلشن کے فروغ کا حظ اٹھا سکے؟

لوٹ جاتی ہے ادھر کو بھی نظر کیا کیجئے
اب بھی دل کش ہے ترا حسن مگر کیا کیجئے

بحران ہی بحران! بھٹو کیوں نہ یاد آئیں؟ (آخری قسط)

چودھری خادم حسین

فاضل جج نے یہ بتا کر ضمیر کا بوجھ ہلکا کیا کہ عدلیہ دباؤ کا شکار ہوئی۔ انہی حوالوں کی وجہ سے ریفرنس دائر کیا گیا کہ بھٹو پر سے بعد از مرگ ہی سہی، یہ داغ تو دھل جائے، لیکن بارہ سال سے سماعت کا موقع ہی نہیں آیا، حتیٰ کہ خود پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے پانچ پانچ سالہ دور اقتدار بھی مکمل ہوگئے، بابر اعوان کے بعد چودھری اعتزاز احسن کا نام گونجا لیکن پھر نہ معلوم کیوں سب سو گئے، اور اب بلاول نے اس اہم موقع پر پھر سے ذکر کر دیا ہے۔ ذوالفقار علی بھٹو یقیناً بڑے لیڈر تھے، انسان خطا کا پتلا ہے وہ بھی انسان تھے ان سے غلطیاں ہوئی ہوں گی لیکن خدمات اتنی زیادہ ہیں۔ کہ ایسی غلطیوں اور الزامات کو نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔ بھارت سے زمین اور جنگی قیدیوں کی واپسی ہی واحد نہیں، بھٹو نے زخمی اور آدھے سے کم پاکستان کو دنیا میں معتبر بنا دیا، ایٹمی صلاحیت پر بے لچک رویے کا مظاہرہ کیا اس حوالے سے ہنری کسنجر کی دھمکی کا ذکر بھی موجود ہے، میں ایک بار پہلے بھی عرض کر چکا کہ بھٹو کا صرف یہی "جرم" عالمی اجارہ داروں کی نظر میں نہیں تھا بلکہ وہ ان کی معاشی اور چوتھی دنیا والی کاوش سے بھی پریشانی محسوس کرتے تھے کہ بھٹو نے اسلامی بلاک کو زندہ کیا۔ افرادی اور ہنر مند قوت کی پیشکش کی، اس سے اسلامی دنیا کی محتاجی ختم ہو جاتی اور یہ بھی ناقابل قبول کوشش تھی۔ آج بار بار اوورسیز پاکستانیوں کا ذکر کیا جاتا ہے لیکن کوئی یہ نہیں کہتا کہ یہ ذوالفقار علی بھٹو تھے جنہوں نے یہ دروازے کھلوائے اور آج تب کی نسل اپنی اولاد کے ساتھ اوورسیز پاکستانی ہے۔

اس وقت ملک میں جو بحران ہے اس کی مماثلت بھی 1970ء سے 1972ء تک ملتی ہے، اس سرزمین بے آئین کو آئین دینا اور قادیانیوں کو اقلیت قرار دلانا بھی تو ان کے جرائم میں شامل تھا، اللہ خیر کرے آج انہی کے آئین پر ہی سب اپنی اپنی بات کر رہے ہیں اور یہ آئین فیڈریشن کو جوڑے رکھنے کا ذریعہ ہے۔ موجودہ بحران کو حل کرنا دانش مندی ہوگی ہم تو مسلسل اجتماعی دانش کی تجویز دیتے چلے آ رہے ہیں اس لئے بہتر عمل سر جوڑ کر بیٹھنا ہے اور اللہ کرے کہ میرے اس ملک پر اترے وہ فصل بہار جسے خزاں کا کوئی خطرہ نہ ہو۔

عدلیہ اور پارلیمنٹ کا ٹکراؤ خطرناک ہوگا

ریاض احمد چودھری

امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے خبردار کیا ہے کہ آئینی اداروں نے آپس میں لڑائی بند نہ کی تو یہ گلی کوچوں میں چلی جائے گی، انارکی پھیلے گی اور کسی کے ہاتھ کچھ نہیں آئے گا۔ ایوان اور عدالت کا ٹکراؤ ملک کے لئے نیک شگون نہیں۔ پارلیمنٹ، عدلیہ اور انتظامیہ میں گہرے اور وسیع اختلافات نے ملک کا مستقبل داؤ پر لگا دیا ہے، ایک طرف عوام مہنگائی کی آگ میں جل رہے ہیں، راشن کے حصول کے لئے جانیں جا رہی ہیں، دوسری جانب حکمران طبقے کو اپنی لڑائیوں سے فرصت نہیں۔

امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ ایوان اور عدالت باوقار انداز اختیار کریں تو معاملات مثبت جانب بڑھ سکتے ہیں اور سیاسی جماعتیں کسی ایک نقطہ پر متفق ہو سکتی ہیں۔ اتحادی حکومت اور پی ٹی آئی کی جنگ جاری رہی تو رہی سہی جمہوریت بھی ختم ہو سکتی ہے، ادارے آئینی حدود میں رہتے ہوئے غیر جانبدار ہو جائیں۔ سٹیک ہولڈرز شفاف الیکشن کے لئے گرینڈ ڈائیلاگ کا آغاز کریں، جمہور سے فیصلہ لینا ہوگا۔

اس حقیقت سے انکار نہیں کہ مسائل کا حل شفاف انتخابات ہیں اور اس کے لئے سٹیک ہولڈرز میں اتفاق رائے ضروری ہے، اتفاق کے بغیر الیکشن ہوئے بھی تو لڑائیاں جاری رہیں گی اور حالات میں بہتری کی توقع نہیں۔ ایوان اور عدالت باوقار انداز اختیار کریں تو معاملات مثبت جانب بڑھ سکتے ہیں اور سیاسی جماعتیں کسی ایک نقطہ پر متفق ہو سکتی ہیں، سیاسی و معاشی کے بعد ملک اب آئینی بحران کی طرف بڑھ رہا ہے۔

سراج الحق نے تمام پارلیمانی جماعتوں کو مذاکرات کے لئے منصورہ کا پلیٹ فارم استعمال کرنے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ ہم لڑائیوں کے خاتمے کے لئے اپنے تئیں سیاست دانوں سے رابطوں کا آغاز بھی کرنے جا رہے ہیں۔ جماعت اسلامی نے اپنا انتخابی منشور لانچ کر دیا ہے اور عوام تک رسائی کے لئے گھر گھر دستک مہم کا بھی آغاز کیا ہے۔

جماعت اسلامی کے کارکنان کرپشن فری اسلامی پاکستان کا پیغام گھر گھر پہنچا ئیں۔ 75 سالہ تجربات سے مسائل حل نہیں ہوئے، پاکستان میں اسلامی نظام کا نفاذ اور عدل و انصاف کی حکمرانی قائم کرنا ہوگی۔

دو صوبوں میں انتخابات کی بجائے پورے ملک میں ایک ہی روز الیکشن ہونے چاہئیں، مرکز اور دو صوبوں میں نگران حکومتیں قائم کی جائیں۔ پی ڈی ایم اور پیپلز پارٹی اسمبلیوں کی قربانی دیں اور انہیں تحلیل کریں، پی ٹی آئی بھی قومی انتخابات کی ایک تاریخ پر متفق ہو جائے۔ اتحادی حکومت اور پی ٹی آئی کی جنگ جاری رہی تو رہی سہی جمہوریت بھی ختم ہو سکتی ہے۔ ایک دوسرے کی نفی کرنے کی بجائے مشترکات کی طرف آنے کی ضرورت ہے۔ ادارے متنازع ہو رہے ہیں، عدالتوں کے اندر سیاسی مسائل حل ہوں گے نہ ہی مارشل لاء یا کسی ٹیکنوکریٹ یا صدارتی نظام سے بہتری آئے گی۔

آئین ہی قوم کا مشترکہ ڈاکومنٹ ہے اس پر سب کو متفق ہونا ہوگا۔ کرپشن، سودی معیشت کا خاتمہ ہو جائے، وسائل کی منصفانہ تقسیم ہو اور گڈ گورننس قائم ہو جائے تو ملک کو بیرونی قرضوں کی ضرورت نہیں، صرف جماعت اسلامی ہی ملک کو موجودہ مسائل سے نجات دلانے کی اہلیت رکھتی ہے، باقی سبھی پارٹیاں بری طرح ایکسپوز ہو گئی ہیں، حکمران ٹولہ جھوٹے نعرے لگا کر عوام کو بے وقوف بناتا ہے، اب ان کی دکانداری مزید نہیں چلے گی۔

پی ڈی ایم اور پیپلز پارٹی کی اتحادی حکومت نے ایک سال میں ہر طرف تباہی مچا دی۔ تبدیلی کی دعویدار پی ٹی آئی کی پونے چار سال کی فلاپ کارکردگی کے بعد 14 جماعتوں (جاری ہے)

عالمی ادبی تنظیم الفانوس کے نام ایک خط



الفانوس پاکستان کا وہ منفرد ادبی ادارہ ہے جس پر بجا طور پر فخر کیا جا سکتا ہے۔

الفانوس کے روح رواں شہباز ساحر ہیں اور چیئرمین کی حیثیت سے گرانقدر ادبی خدمات سر انجام دے رہے ہیں۔

علم و ادب کے فروغ اور کتاب کی پذیرائی کیلیے الفانوس نے جو اقدامات کیئے ہیں اُس کے دور رس نتائج مرتکب ہو رہے ہیں کتاب اور صاحب کتاب کو اُس کا اعلیٰ مقام دلانے ادبی ایوارڈ اور کتاب کی تبلیغ کے سلسلے میں الفانوس سالانہ بہترین کتاب کی اشاعت پر مصنف کو ایوارڈ دینے کی روایت کو آگے بڑھانے کیلیے امسال "سفیر کتاب ایوارڈ" جو تنظیمیں سالانہ مقابلہ کتب کے تحت مصنفین کی حوصلہ افزائی اور کتاب کلچر کو پروموٹ کر رہی ہیں ان کے سربراہان کو "سفیر کتاب ایوارڈ" پیش کیے گے الفانوس کے اس اقدام کو عالمی سطح پر سراہا گیا ہے۔ آج کے کالم میں بھارتی مصنف، ادیب و شاعر نجیب احمد کا خط من وعن شامل کر رہا ہوں جس کا مقصد الفانوس کی ادبی سرگرمیوں، ادبی خدمات اور ادبی پیش رفت سے قارئین کو آگاہی ملے۔ یاد رہے یہ خط الفانوس کی تقریب تقسیم ایوارڈز میں پیش کیا گیا تھا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صدر جلسہ محترم المقام ڈاکٹر ہارون الرشید صاحب، ومہمانانِ عالی وقار، معزز ایوارڈ یافتگان اور قابل قدر حاضرینِ کرام!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!!

عالمی سطح پر علم وادب میں سرگرداں تنظیم" الفانوس انٹرنیشنل" (پاکستان) کے چھٹے سالانہ مقابلہ کتب" الفانوس ایوارڈ" اور" قندیل فاؤنڈیشن" کے تیسرے سالانہ مقابلہ کتب ایوارڈ برائے سال/2023ء کی پر وقار اور شان دار تقسیم ایوارڈ تقریب کے پُرمسرت موقع پر میں، محمد مجیب احمد بحیثیت" الفانوس انٹرنیشنل لٹریری ایوارڈ" یافتہ مصنف آپ سب سے مخاطب ہوں۔ میرا تعلق بھارت کے علم وادب اور تہذیب و ثقافت کے شہر فرخندہ بنیاد حیدرآباد سے ہے۔

تنظیم" الفانوس انٹرنیشنل" کے لائق وفائق بانی و چیئرمین عالی جناب شہباز ساحر وعہدیداران اور کارکنان صاحبین قابل تحسین و آفرین ہیں کہ انہوں نے عالمی طور پر ادباء وشعراء کی پزیرائی اور حوصلہ افزائی کے لئے جو گراں قدر اقدامات کئے ہیں وہ باعثِ صد افتخار و رشک ہیں۔ محترم شہباز ساحر صاحب! نے اردو زبان وادب کے ساتھ دیگر زبانوں کے قلمکاروں کے احساسات، جذبات اور اُن کی ان تھک خدمات کو بخوبی محسوس کرتے ہوئے ان کے کارہائے نمایاں پر دشتِ لوح وقلم کے اعتراف کے عوض انھیں انعامات و اعزازات سے سرفرازی کا جو سلسلہ عمل میں لایا ہے۔ اس کے متعلق، میں یہی کہوں گا کہ" اللہ کرے یہ سلسلہ ذوق یوں ہی دراز رہے اور مرحلہ شوق نہ ہو طے"۔ آمین!

بلاشبہ تنظیم" الفانوس انٹرنیشنل" نے اپنی بے لوث و بے غرضانہ خدمات کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے دنیائے علم وادب میں اپنی ایک منفرد پہچان بنا چکی ہے۔ جس کے معترف اہل علم وادب ہیں۔ اور جہاں تک" الفانوس انٹرنیشنل لٹریری ایوارڈ" کا تعلق ہے وہ اپنی انفرادیت اور شناخت کے باعث بڑی اہمیت و وقعت کا حامل بن چکا ہے۔ سارے جہاں کے قلمکاروں کو مدعو کر کے انھیں عزت افزائی بخشنے کے لئے نہ صرف مجتمع کرنا بلکہ انھیں ایک دوسرے سے قریب کرنا حوصلہ مندانہ اقدام ہے جس سے آپس میں تبادلہ خیال کا زرین موقع فراہم ہوتا ہے اور اپنے اپنے نظریات و افکار کو بہتر طریقے سے سمجھنے میں سہولت کا سبب بنتا ہے

ایسے قابل فخر اقدامات کی جتنی بھی سراہنا کی جائے وہ بے کم وکاست ہی ہے۔ بے شک جناب شہباز ساحر! اپنی مخلصانہ کدوکاوشوں کے سبب ہمیوں ادبی شہ پاروں کو منصۂ شہود پر لانے میں ممد و معاون ثابت ہوئے ہیں جو ان کی کشادہ دلی اور وسیع النظری کا بیّن ثبوت ہے۔" الفانوس انٹرنیشنل" نے" ادب سب کے لئے" کا عالمگیر نعرہ دے کر اہل علم وادب میں جوش وجذبہ پیدا کیا ہے۔ عالمی سطح پر یہ صرف ایک پیام ہی نہیں بلکہ ایک تحریک کے ساتھ ادب بیداری وشعور آگہی کا باعث بھی ہے۔

یقیناً" ادب سب کے لئے" ہی ہے۔ عہد قدیم سے ہی ادب کا انسانی زندگی سے گہرا ربط رہا ہے۔ انسانیت کے ارتقاء وبقا کے لئے ہر دور میں ادباء وشعراء پیش پیش رہے ہیں۔ چاہے وہ آفاتِ سماوی کا معاملہ ہو یا زمینی سانحات کا مسئلہ۔ اس دوران ہر زبان وادب کے ادیبوں اور شاعروں نے اپنی استعداد کے مطابق خدمات انجام دی ہیں اور موجودہ زمانے میں بھی وہ برسرِ خدمت ہیں۔ عصرِ حاضر میں قلمکاروں کو کئی سنگین مسائل درپیش ہیں۔ جن میں ایک جان لیوا اور مہلک وباء" کورونا وائرس" ابھی ابھی دنیا سے رخصت ہوئی ہے اور انسانی زندگی ایک اذیت وکرب سے گذر کر پھر سے رواں دواں ہوگئی ہے۔ اس وباء کے تناظر میں میرے افسانوں وکہانیوں کے دو مجموعہ جات" پت جھڑ کا موسم" اور" آخری منزل کا مسافر" منظرِ عام پر آچکے ہیں۔ بفضلِ اللہ تعالیٰ اس وباء سے تو انسانیت سنبھل چکی ہے لیکن اس کو ہنوز اپنے دیرینہ دشمن غربت، جہالت اور دہشت سے مقابلہ آرائی کا سامنا ہے۔ ان مسائل کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرنا ہر قلم کار کا ادبی فریضہ ہے۔ معصوم وبے گناہ انسانوں کا قتل وہلاکت ہر طرح سے قابلِ مذمت ہے۔ آج سارے عالم میں جاری جنگ وجدال کی صورتِ حال کے ساتھ بھوک وبے سروسامانی کی ناگفتہ بہ حالتِ زار بھی ہمارے سامنے ہے۔!

بحیثیت ایک قلم کار میرا خواب یہی ہے کہ کائنات میں ہر طرف امن وامان اور خوشحالی وفارغ البالی کا دور دورہ ہو اور انسانیت کو سکون وراحت کی سانس نصیب ہو۔ نیز تمام ممالک کے آپسی تعلقات خوشگوار اور مستحکم ہوں۔!

آخر میں بس یہی کہنا چاہوں گا کہ" میرا پیام، پیامِ محبت ہے جہاں تک پہنچے" مجھے" الفانوس انٹرنیشنل لٹریری ایوارڈ" عطا کرنے پر تنظیم کے بانی وچیئرمین اور دیگر عہدیداران کے ساتھ ارکانِ منصفین کمیٹی کا سراپا سپاس گزار ہوں۔ علاوہ ازیں اس عالی شان تقریب کے کامیاب انعقاد و انصرام پر آپ سب کو خراجِ تحسین وتہنیت پیش کرتے ہوئے صمیمِ قلب سے مبارک باد دیتا ہوں۔

اصل توانائی روح کی بالیدگی

سمیع اللہ ملک

جس ذات نے انسانی آنکھ کو دیکھنے والا بنایا، اسی نے انسان کے دیکھنے کیلئے ایک خوبصورت کائنات بنائی۔ رنگا رنگ جلوے پیدا فرمائے اور ان جلوؤں میں اپنی جلوہ گری کے کرشمے دکھائے۔ فنکار فن کے جلوؤں میں خود جلوہ گر ہے۔ آنکھ نہ ہوتی تو کسی رنگ اور کسی روشنی کی کوئی ضرورت وافادیت نہ تھی۔ مشاہدہ، جہاں مشہود کی جلوہ گری کا کمال ہے، وہاں یہ شاہد کے انداز نظر کا حسن بے مثال بھی ہے۔ قدرت نے جس ذوق تخلیق کا اظہار بے رنگ زمیں میں رنگ دار گل کاری کر کے کیا ہے، اس کی داد بس چشم بینا ہی دے سکتی ہے۔ بس آنکھ والا ہی ترے جوبن کا تماشا دیکھ سکتا ہے۔ دیدۂ کور پھر دیدۂ کور ہی ہے۔

پھر ایک دن ہمارے بابا نے یہ بھی کہا: آنکھوں میں جلوے اور جلوؤں میں آنکھیں..... خوشبو میں رنگ اور رنگ میں خوشبو..... ہر چیز ہر دوسری شے کے خیال میں محو..... محو کرنے والا اور محو ہونے والا..... سب ایک ہی محویت کا حصہ ہیں..... میں وصول بھی کرتا ہوں اور میں ہی ارسال بھی کرتا ہوں..... چہرے بھی میرے ہیں اور آنکھیں بھی میری ہیں..... میرے ہی خیال کی زد میں ہیں..... سب فاصلے..... سب دوریاں پاس ہی رہتی ہیں..... بس اک نگاہ کی بات ہے..... اتفاقاً ہی اٹھ گئی تو وقت بدل جائے گا..... انقلاب بپا ہو جائیں گے..... جو نہیں ہے ہو جائے گا..... اور جو ہے وہ نہیں رہے گا..... حاضر غیب ہو جائے گا اور غیب حاضر..... ناممکنات کو ممکنات بنانے والی آنکھ کسی وقت اٹھ سکتی ہے.....

اور پھر تجابات اٹھ جائیں گے..... سکوت سے کلام کا پہلو نکل آئے گا۔ صدیاں سمٹنا شروع ہو جائیں گی اور لمحے پھیلنے شروع ہو جائیں گے..... بطون سے ظہور کا سفر بس اک نگاہ کا سفر ہے..... ظلمات سے نور کا سفر ایک نگاہ کا سفر ہے..... بیگانے کو اپنا بنانے کیلئے ایک نظر کافی ہے..... جان لینے کے ارادے سے آنے والا جانثار بن جاتا ہے..... یہی اعجاز نگاہ ہے..... اپنا مقدر بس وہی نگاہ ہے

.....

ورنہ دامن عمل تو خالی ہے۔

اور ہمارے بابے اقبال نے بھی کمال کیا ہے، کبھی فرصت ہو تو دیکھئے۔ واہ واہ، کیا بات ہے ان کی تو.....

آہ، کس کی جستجو آوارہ رکھتی ہے تجھے
راہ تو، رہرو بھی تو، رہبر بھی تو، منزل بھی تو
وائے ناداں کہ تو محتاجِ ساقی ہو گیا
مے بھی تو، مینا بھی تو، ساقی بھی تو، محفل بھی تو
حکیم الامت تھے، اک نیا مرض دے گئے:
ترے سینے میں دم ہے، دل نہیں ہے
ترا دم گرمیٔ محفل نہیں ہے
گزر جا عقل سے آگے کہ یہ نور
چراغِ راہ ہے، منزل نہیں ہے

یہ میں کیا لکھ بیٹھا آج۔ چلئے آپ ایک چھوٹا سا قصہ پڑھئے اور وفا کے موتی چن لیں کہ زندگی میں کام آئیں گے۔

ٹوکیو (جاپان) کے نواح میں ایک چھوٹا سا قصبہ ہے، اس کے اسٹیشن کے سامنے چوک میں ایک کتا تھا، اس کا معمول تھا کہ وہ اپنے مالک کو ہر صبح ٹوکیو جانے والی ٹرین پر سوار کراتا تھا اور ہر شام مقررہ وقت پر اسے لینے کیلئے وہاں موجود ہوتا تھا۔ ایک دن اس کا مالک ٹوکیو میں حادثے کا شکار ہو کر چل بسا اور اس شام مقررہ ٹرین سے وہ گھر نہ لوٹ سکا۔ وفادار کتا اس شام بھی اسٹیشن پر آیا اور پھر جو اس کے انتظار میں بیٹھا تو مرتے دم تک اس نے وہ جگہ نہیں چھوڑی۔ قصبے کے لوگ کتے سے واقف تھے، اس کے مالک کی موت سے آگاہ تھے، ان کی تمام کوششوں کے باوجود کتا اپنی جگہ سے نہ ہلا، یہاں تک کہ وہیں مر گیا۔ لوگوں نے اس کی یاد میں اس کا مجسمہ چوک میں نصب کر دیا۔ غور کیجئے تو یہاں اہمیت مجسمے کی نہیں اُس مقصد کی ہے جس کی خاطر کتے نے جان دی، اہمیت اس کے جذبۂ وفاداری کی ہے، اس کی محبت کا محور صرف اس کا مالک تھا، اس کی زندگی صرف اسی کیلئے تھی، وہ مر گیا تو کتے نے بھی زندہ رہنا گوارا نہ کیا۔

بابا جی نے شہہ سواری اپنے گھوڑے موتی کی کمر پر سیکھی۔ کیا مجال کہ موتی پر کوئی دوسرا سوار ہو جائے۔ پاکستان بنا، موتی کو اپنے محلے کے ایک شخص کیلاش کے حوالے کر دیا۔ معلوم ہوا کہ موتی اس قدر رویا کہ نابینا ہو گیا اور جان دے دی۔ موتی کی تصویر انہوں نے خود سے کبھی جدا نہیں کی۔ کہتے تھے کہ موتی نے مجھے جو درسِ محبت دیا اور اذیت فراق کا جو مفہوم سمجھایا وہ ناقابل فراموش ہے۔

شیخ سعدی فرماتے ہیں کہ کل صبح ایک پرندہ بڑے دردوسوز سے بول رہا تھا، اس کی آواز سن کر میرے ہوش جاتے رہے۔ صبر، برداشت اور ہوش کا دامن میرے ہاتھ سے چھوٹ گیا، میری یہ حالت دیکھ کر میرے دوست نے کہا: میری سمجھ میں نہیں آتا کہ ایک پرندے کی آواز سن کر تم اپنی سدھ بدھ کیوں کھو بیٹھے۔ میں نے کہا: مجھے یہ تو بتا کہ یہ کہاں کی آدمیت ہے کہ پرندہ تو مسلسل اللہ کی حمد کرے اور میں انسان ہو کر خاموش رہوں۔ شیخ سعدی بصارت وبصیرت کی عظمتوں پر فائز تھے۔ انسانیت ان کا کردار تھا اور زندگی کا کوئی لمحہ انہوں نے بے فکری سے نہیں گزارا۔ انہوں نے اس راز کو پالیا تھا کہ ہر ذی روح کی حیات مستعار کا ہر لمحہ اپنے اندر معنویت رکھتا ہے۔

ایک پرندہ چہچہایا تو سعدی نے اس کی چہچہاہٹ کو مقصدیت ومعنویت دے دی۔ ہم درختوں پر روز وشب پرندوں کو ایسا کرتے دیکھتے ہیں یا گزر جاتے ہیں یا غلیل سے شکار کر لیتے ہیں۔ یہ اندازِ فکر کا فرق ہے۔ ایک فکر وہ ہے کہ ایک کتے کی وفاداری کو جاپان کے دیہاتیوں نے دوام دے دیا اور ہم ہیں کہ انسان کی وفاداریوں کا مضحکہ اڑاتے ہیں۔

ایک بزرگ تلاشِ عرفان میں جنگل جنگل مارے مارے پھر رہے تھے۔ ایک دن ایک گاؤں کے باہر انہوں نے بچوں کو ایک گڑھے کے گرد کھڑا دیکھا۔ بچے ہنستے تھے اور تالیاں بجاتے تھے۔ دیکھا کہ اس گڑھے میں کتیا نے بچے دیئے ہیں۔ وہ بے حد کمزور ہو گئی ہے، گڑھے سے باہر آنے کی کوشش کرتی ہے تو کمزوری کے باعث واپس لڑھک جاتی ہے۔ بچے اس منظر کا لطف لے رہے ہیں اور خوش ہو رہے ہیں۔ بزرگ یہ دیکھ کر گاؤں کے نان بائی کے پاس آئے، روٹی خریدی، دودھ فروش سے مٹی کے پیالے میں دودھ لیا، دودھ میں روٹی بھگو کر گڑھے میں اترے اور برتن کو کتیا کے آگے رکھ دیا۔ وہ جانے کب سے بھوکی تھی، جلدی جلدی پیٹ بھرا اور منہ اٹھا کر آسمان کی جانب دیکھنے لگی۔ بزرگ فرماتے ہیں: مجھے ٹھیک اسی وقت وہ چیز مل گئی جس کا میں برسوں سے متلاشی تھا اور جنگل جنگل مارا مارا پھر رہا تھا۔

ہمارے چاروں طرف ایسی نشانیاں بکھری پڑی ہیں، یہ حصولِ عرفانِ ذات کا آزمودہ طریقہ ہے۔ لفظ" عرفان" شاید آپ کو نہیں بھایا۔ اس کی جگہ لفظ" سکون" استعمال کر لیتے ہیں۔ آج کے ہر انسان کو اس کی تلاش ہے

شال بقیہ 1

سے راہنمائی حاصل کرنے کے لئے طریقہ کار اور ضابطہ کے مطابق سمری تیار کرے اور (آج) پیر کو کابینہ کے اجلاس میں پیش کرے۔ اجلاس نے طے کیا کہ کابینہ کا اجلاس 10 اپریل 2023 کو دوبارہ بلایا جائے تاکہ مستقبل کی حکمت عملی سے متعلق فیصلہ کیا جاسکے۔ ذرائع نے بتایا کہ (آج) پیر کو ہونے والے کابینہ اجلاس میں پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے متعلق امور پر مشاورت ہوگی اس کے علاوہ مشترکہ اجلاس میں قانونی سازی سے متعلق امور پر بھی غور کیا جائے گا۔

شال بقیہ 2

ہم نہیں جیت سکتے اس لیے ابھی انتخابات نہ کراؤ، ہمیں بینک کرپٹ معیشت ملی، ہمارے دور میں معیشت 6 فیصد سے گروتھ کررہی تھی اور آج ورلڈ بینک کی رپورٹ ہے کہ گروتھ 4.0 فیصد پر آگئی ہے، 40 لاکھ لوگ غربت کی لکیر سے نیچے چلے گئے ہیں، میری قوم تیار ہوجائے اگر ان کا خیال ہے یہ الیکشن نہیں کرائیں گے جس کا ان کا ارادہ ہے، یہ سمجھتے ہیں ہم چپ کرجائیں گے ہمیں سڑکوں پر نکلنا پڑے گا، یہ سمجھتے ہیں سب کو جیلوں میں ڈال دیں گے، امیدواروں کو ہراساں کرکے، ہمارے ہاتھ باندھ کر الیکشن لڑائیں گے تو پھر بھی سڑکوں پر نکلنا پڑے گا، ہمیں ہر چیز کے لئے تیار ہونا چاہیے۔ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے ویڈیو لنک کے ذریعے اپنی حکومت ختم ہوئے ایک سال مکمل ہونے پر موجودہ حکومت کی کارکردگی کے حوالے سے وائٹ پیپر جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایک سازش کی وجہ سے میں سال پہلے اپنی ڈائری اٹھا کر وزیراعظم ہاؤس سے گھر گیا تھا، یہ سازش سال پہلے شروع ہوئی تھی، میں ڈل لیٹ کے ایک سربراہ رہا تھا، اس نے مجھے کہا کہ تمہیں پتہ ہے کہ تمہیں ہٹانے کی کوشش ہو رہی ہے، آرمی چیف تمہارے سے خوش نہیں ہے، میں بڑا حیران ہوا کہ میں تو سمجھا تھا ہم ایک پیج پر ہیں لیکن کوئی سوچ بھی نہیں سکتا تھا، میں نے اسے کہا یہ تم کیا باتیں کررہے ہو۔ انہوں نے کہا کہ جب ہماری حکومت گئی تو ہم نے سارا جائزہ لیا کیا کیا واقعات ہوئے اور کس طرح کی سازش ہوئی کون کون ملوث تھا، اس میں ایک کردار ماسٹر مائنڈ تھا ہمیں آہستہ آہستہ سمجھ آگئی ہمارے ساتھ کہاں کہاں دھوکے ہوئے، کہاں کہاں ہمیں لال حق کے پیچھے لگایا گیا اور کہاں کہاں جھوٹ بولے گئے۔ صرف مفہوم یہ تھا کہ میری جگہ شہباز شریف کو لانا تھا، شہباز شریف سے جنرل (ر) باجوہ کی انڈر سٹینڈنگ ہوچکی تھی اسی لئے ان کے کیسز معاف کرائے حالانکہ انہیں سزائیں ہونے والی تھیں، اس کو ہوا دیا گیا اور لایا بھی گیا۔

شال بقیہ 3

ہماری قومی تاریخ کا دوسرا اہم ترین دن 10 اپریل 1973 ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ 1973 کا آئین پاکستان کا حقیقی معنوں میں آئینہ دار ہے، جیسا کہ پاکستان ایک وفاقی ریاست ہے، تو ہمارا آئین ایک وفاقی آئین ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا ملک ایک اسلامی ملک ہے، تو ہمارے آئین کی روح اسلامی تعلیمات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا ملک جمہوریت پسندوں کا ملک ہے، تو ہمارا آئین ایک جمہوری دستور ہے۔ انہوں نے کہا کہ 1973 کا آئین ہماری قومی یکجہتی واتحاد کی ضمانت ہے۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے کہا کہ جب سے آئین بنا ہے، اس پر حملے کیے جاتے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کچھ قوتوں سے یہ برداشت نہیں ہوتا کہ عوام کو ان کا حق ملے، صوبے اپنے وسائل کے مالک ہوں اور قانون کے سامنے سب برابر ہوں، خود کو قانون سے ماوراء سمجھنے والی سوچ 1973 کے آئین کو اپنا دشمن سمجھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کو بنانے اور بچانے کے حوالے سے پاکستان پیپلز پارٹی کی تاریخ بے مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے آمر ضیاء الحق اور سابق صدر آصف علی زرداری نے جنرل پرویز مشرف کی جانب سے آئین میں انڈیلی گئی آلائشوں کو کامیابی سے کھرچنے لگا کر 1973 کے آئین کو اصل شکل میں بحال کیا۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی آئین کی حفاظت وعملدرآمد اور جمہوری نظام کے ساتھ ہمیشہ کی طرح آج بھی کھڑی ہے اور آئین کو موم کی ناک سمجھنے والی سوچ کو حتمی شکست دینے کے لیے پرعزم ہے۔

شال بقیہ 4

عہد کریں جہاں تمام لیڈر ہم آہنگی کے ساتھ رہ سکیں اور جہاں آنے والا کل مزید بہتر بنانے کی امید ہو۔ دریں اثناء اپنے بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ ایسٹر پیار محبت اور باہمی احترام کے جذبے کا نام ہے، موجودہ وقت میں اتحاد اور مذہب کے درمیان ہم آہنگی کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ہمیں ضبط وتحمل، بھائی چارے اور انسانیت کے ساتھ محبت کا درس دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسٹر کا تہوار ہمیں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی برداشت کی یاد دلاتا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیمات کو اپنا کر ہی معاشرے میں امن اور اتفاق قائم کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسیحی برادری نے نہ صرف تحریک پاکستان میں اہم کردار ادا کیا بلکہ وہ ملکی ترقی میں بھی ہاتھ بٹا رہی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ حکومت ملک میں تمام اقلیتوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور ان کے جان ومال کی حفاظت کیلئے پرعزم ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ آیئے ہم سب دنیا کو ایک پرامن جگہ بنانے کا عہد کریں جہاں کمیونٹیز ہم آہنگی کے ساتھ رہ سکیں اور بہتر مستقبل کی طرف گامزن ہوں۔

شال بقیہ 5

ہیں اور اخوا برائے تاوان کی وارداتیں ہو رہی ہیں، مگر حکومتیں سو رہی ہیں۔ حکمران جماعتیں بری طرح ایکسپوز ہوگئیں ہیں، ملک اسلام کے نام پر بنا اور اسلامی نظام ہی اسے بچا سکتا ہے، جماعت اسلامی کی تمام تر جدوجہد ملک میں قرآن وسنت کے نظام کے نفاذ کے لیے ہے، قوم عدل وانصاف کی حکمرانی اور ترقی، امن اور خوشحالی کے حصول کے لیے جماعت اسلامی کا ساتھ دے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منصورہ میں تقریب تکمیل دورہ تفسیر قرآن سے خطاب اور میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ شیخ القرآن والحدیث مولانا محمد عبدالمالک، سیکرٹری اطلاعات قیصر شریف اور ڈپٹی سیکرٹری جنرل حافظ ساجد انور بھی اس موقع پر موجود تھے۔ امیر جماعت نے قرآن کریم سیکھنے اور سکھانے پر اساتذہ اور طلبا کو مبارکباد دی اور طلبا کو ہدایت کی کہ وہ اپنے علاقوں میں قرآن وحدیث کی تعلیمات عام کریں اور معاشرے میں علم کا نور پھیلائیں۔ سراج الحق نے کہا کہ قومی ادارے بری طرح متنازعہ اور تقسیم ہوچکے ہیں، حکمران سیاسی جماعتوں میں لڑائی ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی اور یہ لڑائی یا اختلاف کسی ملکی یا عوامی ایجنڈے کے لیے نہیں بلکہ کرسی اور اقتدار کے لیے ہے۔

شال بقیہ 6

ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ لاپتہ افراد کا مسئلہ بلوچستان کی شورش کے ساتھ وابستہ ہے جس کو حل کرنے کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کو ایک مربوط حکمت عملی بنانی چاہیے اور بیرونی قوتوں کی پیدا کردہ حالات سے نمٹنے کے لیے ایک پیج پر آنا ہوگا اور سب سے پہلے نفرت انگیزی اور اشتعال کی سیاست کو ترک کرنا ہوگا۔

شال بقیہ 7

لڑ رہے ہیں، سب سے بڑا بزدل وہ ہوتا ہے جو اپنی بیٹی کو بیٹی نہ کہہ سکے، بزدل وہ ہوتا ہے جو اپنے گھر کی عورتوں کو چوری اور منی لانڈرنگ کے لئے استعمال کرے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ آزادی کی جنگ لڑنے والا پہلا بزدل ہے جو کالے ڈبے منہ پر پہن کر باہر نکلتا ہے، عمران خان کالے رنگ کے ڈبے سے سر باہر نکال نہیں سکتے اور بزدل نواز شریف ہے۔ انہوں نے کہا کہ بزدل وہ ہوتا جو عورتوں اور بچوں کو ڈھال بنا کر خود چارپائی کے نیچے چھپ جائے، بزدل وہ ہوتا ہے جو اپنی کرسی کی خاطر ملک کے خلاف سازش کرتا ہے۔

شال بقیہ 8

کہا کہ ایسٹر کا تہوار مسلمانوں کے لیے بھی خوشی کا باعث ہے حضرت عیسیٰ امن اور سلامتی کا پیغام لے کر دنیا میں آئے آج دنیا بھر میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پیروکار موجود ہیں مسیحی برادری ملک وقوم کی ترقی میں اپنی بھرپور خدمات سرانجام دے رہی ہے تعلیم اور صحت کے شعبوں میں مسیحی برادری کا کردار قابل ستائش ہے ہمارے صوبے میں بھی مسیحی برادری کی بہت بڑی نمائندگی ہے صوبے میں تمام اقلیتوں کو مکمل طور پر مذہبی آزادی اور تحفظ حاصل ہے مسیحی برادری اپنی خوشیوں میں نادار اور مستحق لوگوں کو بھی شریک رکھے مسیحی برادری اپنی عبادات میں ملک کی سلامتی تحفظ اور امن وامان کے لئے خصوصی دعاں کا اہتمام کرے بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ دینے اور رواداری کو پروان چڑھانے کے پیغام کو عام کیا جائے۔

شال بقیہ 9

کو بڑھاوا دیتا ہے، ان کا کہنا تھا کہ بدقسمتی سے ملک میں شرپسندوں کو مختلف عناصر کی پشت پناہی حاصل ہے۔ جس کی وجہ سے دہشت گرد قانون سے بچ جاتے ہیں ایک سوال کے جواب میں ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ افغانستان میں طالبان کی حکومت آنے سے ملک میں دہشت گردی کے واقعات میں کمی واقع ہوئی ہے۔ جیسے ہی افغان سرحد پر باڑ لگانے کا کام مکمل ہوجائے گا دہشت گردی میں واضح کمی واقع ہوگی، اس کے علاوہ سیکیورٹی اداروں کو شدت پسندوں سے مقابلے کرنے کے لیے جدید خطوط پر تربیت دی جائے گی پاک افغان سرحد پر باڑ کی تکمیل سے متعلق سوال کے جواب میں صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ پاک فوج کو سلام پیش کرتا ہوں جو محدود وقت وسائل کے باوجود جنگی بنیادوں پر اتنی طویل باڑ لگانے کا کام انجام دے رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ باڑ لگانے کا کام جلد ہی مکمل کرلیا جائے گا، تاہم ملک میں امن صرف باڑ لگانے سے نہیں بلکہ بہتر سفارتی تعلقات بحال کرنے سے آئے گا اس سوال پر کہ گلوبل ٹیررازم انڈیکس کے مطابق بلوچ لبریشن آرمی ایک خطرناک دہشت تنظیم ہے اس پر قابو پانے کے لیے کیا اقدامات کیے جارہے ہیں؟ میر ضیاء اللہ لانگو نے کا کہنا تھا کہ جب تک تمام اسٹیک ہولڈرز دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ایک نہیں ہوں گے تب تک کالعدم تنظیموں کا خاتمہ ممکن نہیں۔

شال بقیہ 10

کے مطابق ایف بی آر کے ایک سینئر عہدیدار نے بتایا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کی جانب سے موبائل فونز اور ان کے پرزوں کی درآمد پر غیر اعلانیہ پابندی کے باوجود دسمبر سے فروری کے درمیان موبائل فونز کی درآمد سے متعلق ساڑھے 86 ڈالر مالیت کے 52 گڈز ڈیکلریشنز (جی ڈی) کلیئر کیے گئے، یہ موبائل فون مکمل طور پر تیار شدہ (سی بی یو) حالت میں درآمد کیے گئے۔ ایف بی آر نے نشاندہی کی کہ صرف 14 لاکھ 60 ہزار ڈالر پاکستان سے باہر بینکنگ چینل کے ذریعے قانونی طور پر ادا کیے گئے جبکہ 71 لاکھ 90 ہزار ڈالر غیر قانونی طور پر ادا کیے گئے تاہم ایف بی آر نے ان موبائل فونز کی درآمد کے لیے دبئی میں مقیم فراہم کنندگان کو ادائیگیوں کے طریقہ کار کا ذکر نہیں کیا۔ خیال رہے کہ گڈز ڈیکلریشنز (جی ڈی) ایک آن لائن ڈیکلریشن فارم ہوتا ہے جس میں پاکستان سے درآمد یا برآمد کردہ سامان کی مقدار، یونٹ کی قیمت اور ادائیگی کی شرائط کی مکمل تفصیلات شامل ہوتی ہیں۔ ایف بی آر عہدیدار نے کہا کہ ڈیٹا کے موازنے سے پتا چلتا ہے کہ 71 لاکھ 90 ہزار ڈالر کے موبائل فونز کی باضابطہ طور پر ادائیگی نہیں کی گئی بلکہ اس کے لیے کوئی غیر قانونی طریقہ اپنایا گیا۔

شال بقیہ 11

کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گزشتہ چند روز سے عمران خان اور ان کے معاشی ماہرین قومی معیشت کے بارے میں بڑے بڑے دعوے کر رہے ہیں۔ آئین شکنی اور قانون کو جوتے کی نوک پر رکھنے کے علاوہ انہوں نے معیشت کی جس طرح تباہی کی ہے اس میں ایک مرتبہ پھر عوام کے سامنے سی وی پیش کرنا انہیں زیب نہیں دیتا۔ موجودہ مہنگائی اور معاشی تباہی کی ذمہ داری عمران خان اور ان کی معاشی ٹیم پر ہوتی ہے جب 2018ء میں عمران خان کو مسلط کیا گیا تو اس وقت گروتھ ریٹ 1.6 فیصد، مہنگائی 4 فیصد، اشیائے خوراک کی مہنگائی 3 فیصد کم تھی، سی پیک کے تحت ملک بھر میں ترقیاتی منصوبے جاری تھے، میٹرو گرڈ میں 12 ہزار میگاواٹ بجلی شامل کی گئی، آئی ایم ایف کے ساتھ پروگرام مکمل کیا گیا تھا، ملک کو پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کیا گیا، ضرب عضب اور ردالفساد جیسے آپریشن ہوئے جس سے امن اور سلامتی کا ماحول بہتر ہوا، ملک کو اندھیروں سے نکالا گیا۔

شال بقیہ 12

جاں بحق خواتین اور بچوں سمیت 17 افراد زخمی ہو گئے۔ لیویز فورس نے لاشوں اور زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کرنے کی کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 13

الیکشن کمیشن کی درخواست پر طبی کے سمن جاری کیے۔ سمن میں کہا گیا ہے کہ عمران خان 11 اپریل کو صبح 8 بج کر 30 منٹ پر پیش ہوں۔ کہا گیا کہ عدم پیشی کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی جبکہ تفتیشی افسر کو بھی مکمل ریکارڈ عدالت میں پیش کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ عدالت نے نوٹس کی تعمیل نہ کرانے کی صورت میں متعلقہ عملے کو عدالت میں حاضر ہونے کی ہدایت دی ہے۔ خیال رہے کہ اسلام آباد کی سیشن عدالت نے توشہ خانہ کیس میں سابق وزیراعظم اور چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی 30 مارچ کو حاضری سے استثنیٰ کی درخواست منظور کرتے ہوئے سماعت 29 اپریل تک ملتوی کردی تھی۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں عمران خان کے خلاف توشہ خانہ کیس کی سماعت ایڈیشنل سیشن جج ظفر اقبال کی عدالت میں ہوئی تھی۔ چیئرمین پی ٹی آئی کے وکیل فیصل چوہدری اور خواجہ حارث عدالت نے عمران خان کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست دائر کی تھی۔ اس موقع پر عمران خان کے وکیل خواجہ حارث نے کہا تھا کہ عمران خان کی جان کو خطرہ ہے، حکومت نے عمران خان سے سیکیورٹی واپس لے لی ہے، چیف جسٹس اسلام آباد نے عمران خان کی سیکیورٹی واپس لینے کی رپورٹ طلب کی ہے، وہ سیکیورٹی خدشات کے باعث عدالت میں موجود نہیں ہیں، وہ ویڈیو لنک کے ذریعے بھی عدالت میں پیش ہوسکتے ہیں لہٰذا عمران خان کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست منظور کی جائے تاہم دیگر عدالتی کارروائی جاری رکھیں گے۔

شال بقیہ 14

لہر میں اضافہ ہوا ہے جہاں اسکولوں کی طالبات کو اسکولوں کے احاطے میں ناخوشگوار بدبو کے بعد بیہوشی، متلی، سانس لینے میں تکلیف اور دیگر علامات کا سامنا کرنا پڑا جن میں سے کچھ کو ہسپتال میں داخل کرکے علاج کرنا پڑا۔ مقامی حکام کے مطابق تیل کی دولت سے مالا مال جنوب مغربی صوبے خوزستان کے شہر ہفتکل میں اسکول کی کم از کم 60 لڑکیوں کو زہر دیا گیا۔ صوبائی طبی حکام نے نیوز ایجنسی کو بتایا کہ اہدیل کے شمال مغرب میں 5 اسکولوں کی متعدد طالبات کو زہر دیا گیا، متاثرہ لڑکیوں میں بے چینی، سانس میں تکلیف اور سر درد کی علامات دیکھی گئیں۔ آئی ایل این اے نے مزید وضاحت دیتے بغیر رپورٹ کیا کہ مغربی صوبے آذربائیجان کے دارالحکومت ارمیا کے قصبے میں اسکول کی متعدد لڑکیوں کو بیمار ہونے کی وجہ سے ہسپتال منتقل کیا گیا۔ سرکاری حکام کے اعداد وشمار کے مطابق ملک کے 31 صوبوں کے 25 مقامات کے 230 سے زائد اسکولوں میں 7 مارچ تک 5 ہزار سے زائد طالبات اسی طرح کے زہر سے متاثر ہوچکی ہیں۔ ایم پی حامد رضا کاظمی جو اس قسم کے کیسز کی تحقیقات کے لیے تشکیل دی جانے والی میڈیکل فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی کے سربراہ ہیں، نے وضاحت کی کہ حتمی رپورٹ دو ہفتوں میں شائع کر دی جائے گی۔

شال بقیہ 15

آئین پاکستان کی 50 ویں سالگرہ منانے کیلئے مہینہ بھر کی تقریبات کا آغاز (آج) پیر 10 اپریل سے 2023 کو ہوگا، ان تقریبات میں وفاقی پارلیمانی جمہوریت، سماجی انصاف اور مساوات کے ان رہنما اصولوں کو یاد رکھا جائیگا جو آئین پاکستان میں درج ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان کی سالگرہ کی سرگرمیاں سپیکر کی جانب سے تشکیل کردہ پارلیمانی کمیٹی نے تیار کی ہیں جس میں پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے ممبران شامل ہیں اور اس کی سربراہی تجربہ کار پارلیمنٹیرین سینیٹر مین رضا ربانی کر رہے ہیں۔ سپیکر راجہ پرویز اشرف پارلیمنٹری لاجز، ڈی چوک، اسلام آباد کے سامنے ایڈوائزری کمیٹی کی جانب سے منظور شدہ جگہ پر آئینی یادگار کا سنگ بنیاد رکھ کر تقریبات کا افتتاح کریں گے، یہ یادگار ملکی تاریخ میں آئین کی اہمیت کی مستقل یاد دہانی کا کام کرے گی، اس کے بعد پارلیمنٹ ہاؤس میں جمہوریت کے گمنام ہیروز کی یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھائی جائے گی جس میں پاکستان میں جمہوریت اور آئین کے لیے جدوجہد کرنے والوں کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ سپیکر ایک نمائش کا بھی افتتاح کریں گے جس میں آئین کے بانیوں کی نایاب تصاویر دکھائی جائیں گی، ایک یادگاری ڈاک ٹکٹ کا معائنہ کیا جائے گا، اور پھر اصل آئین اور دیگر مسودات کا معائنہ کرنے کیلئے پارلیمنٹ کی دوسری منزل پر جائیں گے۔ تقریبات کا اختتام مرکزی اسمبلی ہال میں قومی دستوری کنونشن سے ہوگا جس میں ارکان پارلیمنٹ اور تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد شرکت کریں گے۔

شال بقیہ 16

مایسٹر چوک تربت کے قریب فائرنگ کرکے ایک شخص کو ہلاک کردیا جس کی شناخت محمد آفتاب ولد شہید الدین سکنہ بدین صوبہ سندھ سے کی گئی۔ مقتول کی قومیت بنگالی ہے۔ پولیس نے لاش ضروری کارروائی کے لیے ہسپتال منتقل کردی۔

شال بقیہ 17

زخمی ہونے واقعہ کی فوری اطلاع ملتے ہی ڈی آئی جی رخشان رینج نذیر احمد کرد اور ایس پی خاران ارشاد احمد گولہ کی خصوصی ہدایت پر خاران کے ایس ڈی پی او دادالرحمن بلوچ اور ایس ایچ او شی تھانہ گلبدین سالانی نے اپنے پولیس ٹیم کے ہمراہ 24 گھنٹوں کے اندر قتل میں ملوث ملزم کلیم اللہ ولد الٰہی بخش ساکن خاران کو گرفتار کرلیا مزید تحقیقات خاران پولیس کررہی ہے۔

شال بقیہ 18

تین بچے ہوگا۔ اجلاس میں رکن صوبائی اسمبلی نصراللہ خان زیرے جامعہ بلوچستان اور بیوٹمز کے طلازمین کی تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے حوالے سے اٹھائے گئے اقدامات پر توجہ دلاؤ نوٹس پیش کریں گے جبکہ پارلیمانی سیکرٹری بشریٰ رند کوئٹہ اور اس کے مضافات میں گیس حادثات کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین کو مالی معاوضہ، زخمیوں کے علاج معالجے کا فوری بندوبست جبکہ سلو میٹر کے نام پر بھاری بھرکم گیس بل کو فی الفور ختم کرنے کو یقینی بنانے سے متعلق قرارداد پیش کریں گی۔ اجلاس میں محکمہ بلدیات سے متعلق سوالات دریافت اور انکے جوابات دیئے جائیں گے۔

شال بقیہ 19

ایسا بیان دیا ہے تو اس پر افسوس ہی کیا جاسکتا ہے۔ گزشتہ روز میڈیا بریفنگ کے دوران صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ میں نے تو ایسا نہیں سنا کہ گورنر صاحب نے سی ایم بلوچستان کے بارے میں ایسا کوئی بیان دیا کیوں کہ گورنر کا بہت بڑا عہدہ ہے اگر ایسا کوئی بیان دیا بھی گیا ہے تو میں گورنر کے بیان پر افسوس ہی کرسکتا ہوں۔ اس موقع پر ڈی جی پی ڈی ایم اے نصیر ناصر اور ترجمان وزیراعلیٰ بلوچستان بابر یوسفزئی، کوارڈینیٹر وزیراعلیٰ شاہد خان، ڈائریکٹر ریلف پی ڈی ایم اے عطاءاللہ مینگل اور دیگر اعلیٰ آفیسران موجود تھے۔

شال بقیہ 20

نے الیکشن ایکٹ 2017 کی 57 (1) اور 58 میں ترمیم کی سفارش کردی۔ نجی ٹی وی کے مطابق سیکشن 57 (1) میں ترمیم کے بعد انتخابات کے لیے یونگ ڈے تجویز کا اختیار الیکشن کمیشن کا ہوگا جبکہ سیکشن 58 کے تحت انتخابی شیڈول کے اجرا کا اختیار بھی الیکشن کمیشن کے پاس ہوگا۔ سیکشن 58 میں ترمیم سے الیکشن کمیشن کا کردار مضبوط ہوگا اور کوئی مداخلت نہیں کرسکے گا۔ مسودے کے مطابق صرف الیکشن کمیشن ہی عام انتخابات کے لیے تاریخ کا اعلان کرنے کا مجاز ہوگا۔ الیکشن پروگرام میں تبدیلی یا نئے سرے سے الیکشن پروگرام دینے میں ابہام ختم کرنے کے لیے ترمیم کی سفارش بھی کی گئی ہے۔ الیکشن کمیشن مختلف اسٹیج پر الیکشن پروگرام میں تبدیلی کرسکے گا جبکہ تحریری وجوہات کے ساتھ نئی سرے سے الیکشن تاریخ اور نیا الیکشن پروگرام دے سکے گا۔ الیکشن کمیشن نے سیکریٹری پارلیمانی افیئرز کو ترمیمی ڈرافٹ بھجوانے کے لیے تیار کرلیا ہے۔

شال بقیہ 21

لینے کی درخواست پر سماعت کریں گے، جو پاکستان تحریک انصاف کی حکومت نے جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے خلاف دائر کی تھی۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے حال ہی میں متعلقہ حکام کو کیوریٹو نظر ثانی درخواست کی پیروی نہ کرنے اور درخواست واپس لینے کو کہا تھا۔ چیف جسٹس اپنے چیمبر میں کیوریٹو ریویو سے متعلق 12 درخواستوں پر سماعت کریں گے، ان میں حکومت کی جانب سے کیوریٹو نظر ثانی پٹیشن کو واپس لینے کیلئے داخل کی گئی درخواست شامل ہیں۔ 23 جون 2022 کو وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے بھی ایک بیان دیا تھا جس میں کیوریٹو نظر ثانی درخواست کو واپس لینے کا مشورہ دیا گیا تھا جو ان کے پیشرو ڈاکٹر فروغ نسیم نے جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے خلاف سپریم کورٹ میں دائر کی تھی۔ پی ٹی آئی کی سابق حکومت نے سپریم کورٹ کے سامنے استدعا کی تھی کہ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نظر ثانی کیس میں اس کے 26 اپریل 2021 کے اکثریتی فیصلے کو صاف اور صریح طور پر غیر منصفانہ، مفاد عامہ اور عوامی بھلائی کے خلاف ہونے کی وجہ سے میدان میں نہیں چھوڑا جانا چاہیے۔ 26 اپریل 2021 کو عدالت عظمیٰ نے 6-4 کی اکثریت سے 19 جون 2022 کے اپنے اس اکثریتی فیصلے کو کالعدم قرار دے دیا تھا جس میں عدالت نے ٹیکس حکام کو جسٹس فائز عیسیٰ کی اہلیہ اور بچوں کے نام پر تین غیر ملکی جائیدادوں کی تحقیقات کا حکم دیا تھا۔ کیوریٹو اپیل صدر ڈاکٹر عارف علوی، سابق وفاقی حکومت کی جانب سے سیکرٹری قانون، سابق وزیراعظم عمران خان، سابق وزیر قانون ڈاکٹر فروغ نسیم، سابق مشیر برائے احتساب شہزاد اکبر وغیرہ کی جانب سے دائر کی گئی تھی۔

شال بقیہ 22

عید کے لئے 4 سے 5 چھٹیاں دینے کی تجویز وزیراعظم ہاؤس کو دی جائیگی، فیصلہ وزیراعظم اگلے ہفتے کریں گے۔ ذرائع کے مطابق اگر عید جمعۃ المبارک کو ہوتی ہے تو 20 سے 23 اپریل تک چھٹیاں ہونے کا امکان ہے جبکہ ہفتہ 22 اپریل کو عید ہونے کی صورت میں 20 سے 24 اپریل تک چھٹیوں کا اعلان ہوسکتا ہے۔ واضح رہے کہ رویت ہلال ریسرچ کونسل کے سیکرٹری جنرل خالد اعجاز مفتی کا کہنا تھا کہ 20 اپریل کی شام عید الفطر کا چاند نظر نہیں آئے گا لہٰذا رمضان 30 روزوں کا ہوگا اور عید ہفتہ 22 اپریل کو منائے جانے کا امکان ہے۔

شال بقیہ 23

طرف سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں کووڈ کے 2940 ٹیسٹ کئے گئے اور مزید 56 افراد میں بیماری کی تشخیص ہوئی ہے۔ ملک میں کووڈ کے مثبت ہونے کی شرح 90.1 فیصد ہے، ہسپتالوں میں اس بیماری سے 4 افراد کی حالت تشویش ناک ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں گلگت میں کووڈ کے 117 ٹیسٹ کئے گئے اور 4 مریضوں میں بیماری کی تشخیص ہوئی، گلگت میں کووڈ کے مثبت ہونے کی شرح 42.3 فیصد ہے۔ اسلام آباد میں 93 افراد کے ٹیسٹ لئے گئے اور 2 میں بیماری کی تشخیص ہوئی، راولپنڈی میں 107 ٹیسٹ کئے گئے اور 2 افراد میں بیماری کی تشخیص ہوئی۔ لاہور میں 181 ٹیسٹ کئے گئے اور 3 افراد میں بیماری کی تشخیص ہوئی ہے۔

شال بقیہ 24

1973 کا آئین منظور کیا۔ انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان کی دستاویز قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کی فہم وفراست کا نتیجہ تھا کہ تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں ایک پلیٹ فارم پر اکٹھی ہوئیں اور ایک تاریخی دستاویز منظور کی۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم 1973 کے آئین کو بنانے والوں، اس پر دستخط کرنے والوں اور اسکی حفاظت کرنے والوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ سپیکر راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ ملک میں جمہوریت کی مضبوطی کے لیے ضروری ہے کہ 1973 کے آئین کی اصل روح پر عمل کیا جائے اور آئین کے اندر رہتے ہوئے قانون سازی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں آئین کو سبوتاژ کیا گیا جس کی وجہ سے ملک میں انتشار پیدا ہوا۔ سپیکر نے تمام سیاسی جماعتوں کو اپنے آپس کے اختلافات کو بھلا کر آئینی دستاویز کی 50 ویں سالگرہ پر اکٹھا ہونے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر ڈپٹی سپیکر زاہد اکرم درانی نے کہا کہ آج کا دن ایک تاریخ ساز دن ہے جب تمام سیاسی جماعتوں نے اپنے آپس کے اختلافات بھلا کر آئینی دستاویز منظور کی۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو تعمیر وترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے آپس کے اختلافات بھلا کر سب کو ایک میز پر آنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین پر عمل درآمد سے ہی ملکی معاملات بہتری کی جانب گامزن ہونگے اور تمام سیاسی جماعتیں اس میں ہر خاص وعام کا یہ فرض ہے کہ وہ آئین کے اندر رہتے ہوئے اس ملک کی فلاح وبہبود کے لیے اپنی اپنی ذمہ داریوں کو بھرپور طریقے سے نبھائیں۔

شال بقیہ 25

آہستہ واستقلال اور ریاض کے درمیان زیادہ مستحکم ماحول کے حق میں بدل رہی ہے۔ ایک بیان میں محکمہ خارجہ کے ترجمان نے عرب ٹی وی کو بتایا کہ آگے دیکھتے ہوئے، ہم اس بات کو یقینی بنانے کی کوشش کررہے ہیں کہ سعودی عرب کے ساتھ ہمارا تعاون امریکی عوام کے مفادات کی خدمت کے لیے جاری رہے، اور ہم نے اس تعلقات میں بڑی سٹریٹجک اہمیت دیکھی ہے اور دیکھتے رہیں گے۔ اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ کے ترجمان نے کہا کہ بائیڈن انتظامیہ سعودی عرب کی صاف توانائی کی منتقلی کی حمایت کرنے کے لیے پرعزم ہے، جس میں پرامن جوہری توانائی کے پروگرام کو تیار کرنے کی کوششیں بھی شامل ہیں، لیکن سعودی عرب کے یورینیم افزودگی کے منصوبوں کے لیے امریکی منظوری کا اشارہ نہیں دیا گیا۔ امریکی عہدیدار نے سعودی عرب کی آٹھ دہائیوں تک امریکہ کا اسٹریٹجک پارٹنر رہنے کے لیے تعریف کی اور کہا کہ یہ بہت واضح ہے کہ ریاض کے ساتھ مل کر کرنے کے لیے بہت سے اہم کام ہیں، جن میں یوکرین، یمن، ایرانی خطرات، ماحولیاتی تبدیلی، اور 5G۔ اور 6G نیٹ ورکس کا قیام شامل ہیں۔

شال بقیہ 26

لیے ہماری باہمی محبت اور تعظیم ہے۔ چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے ایک ایسے معاشرے کی تشکیل کے لیے مل کر کام کرنے کی اہمیت پر بھی زور دیا جو تمام عقائد کیلئے رواداری اور احترام کرنے والا ہو۔ چیئرمین سینیٹ نے اس موقع پر پاکستانی عیسائی برادری کی ملک کی ترقی میں موثر کردار کو بھی سراہا۔ چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے اپنے پیغام کے اختتام پر اس امید کا اظہار کیا کہ یہ ایسٹر ہمارے مسیحی بھائیوں اور بہنوں کے لیے امن اور خوشیوں کا باعث بنے اور ہمارے بھائی چارے کا رشتہ ہر گزرتے دن کے ساتھ مزید مضبوط ہوتا رہے۔

شال بقیہ 27

شفاف اور ایک دن کرائے جائیں، صرف ایک صو

ہمارے ترقیاتی کام عوام کے سامنے روشن کی طرح عیاں ہیں، میر خان مٹھا کاکڑ

چار سالوں میں ضلع ژوب میں بلا رنگ و نسل 17 ارب روپے کے ترقیاتی کام کیے ہیں

مخالفین سے یہ ترقیاتی کام ہضم نہیں ہو رہا ہے عوام مردم شماری کے دوران اساتذہ کرام سے تعاون کرے، صوبائی وزیر

ژوب (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی دفتر میں حالیہ مردم شماری اور گذشتہ چار سالہ ترقیاتی کاموں کے حوالے سے ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی جس کے مہمان خاص صوبائی مشیر اطلاعات حاجی مصطفیٰ خان کاکڑ تھے تقریب میں مختلف اقوام سے تعلق رکھنے والوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی تقریب سے مشیر اطلاعات حاجی مصطفیٰ خان کاکڑ، اختر شاہ مروان زئی اور دیگر مقررین نے کہا کہ گذشتہ تیس سالوں میں ژوب کے عوام کو خوشنما نعروں کے سوائے کچھ نہیں دیا ضلع ژوب کو پسماندہ رکھا گیا ہے انہوں نے کہا کہ ژوب میں ٹیلی زئی سے اور بلا رنگ و نسل سے بالاتر ہو کر عوامی اور انسانی خدمت پر یقین رکھتا ہوں انہوں نے کہا کہ ضلع ژوب میں اربوں روپے کی ترقیاتی و اجتماعی بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: صوبائی وزیر زراعت میر اسد بلوچ سے حاجی یاسین زہری ملاقات کر رہے ہیں

اپنی زبان اور عمل سے کسی کو تکلیف نہ دیں، علامہ الیاس قادری

اگر کسی کو فائدہ نہیں پہنچا سکتے تو کم از کم اپنے شر سے بھی محفوظ رکھیں، امیر اہل سنت

اچھا شخص وہ ہے جس سے خیر یعنی بھلائی کی امید کی جائے اور اس کی برائی سے امن ہو

کوئٹہ (این این آئی) امیر اہل سنت حضرت علامہ محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ نے کہا ہے کہ حسن معاشرت یعنی اچھا انداز زندگی، اچھا سلوک نہایت اہم ہے، اگر کسی کو فائدہ نہیں پہنچا سکتے تو کم از کم اپنے شر سے بھی محفوظ رکھیں، لوگوں کو اپنے شر سے بچانا یعنی اپنی طرف سے کسی کو برائی نہ پہنچے یہ بھی جنت میں لے جانے والے کاموں میں سے ایک کام ہے، اپنی طرف سے کسی کو بھی برائی نہیں بلکہ بھلائی پہنچانی چاہئے۔ ان خیالات بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

مسجد اقصیٰ میں اسرائیلی دہشتگردوں کے حملے کی بھرپور مزمت کرتے ہیں، حافظ محمد سعید رضوی

عالم اسلام آج پھر قبلہ اول کی آزادی کے لئے سلطان صلاح الدین ایوبی کا منتظر ہے

کوئٹہ (این این آئی) تحریک لبیک پاکستان کوئٹہ ڈویژن کے امیر حافظ محمد سعید رضوی، ناظم اعلیٰ حاجی محمد ظریف رضوی نے مسجد اقصیٰ میں اسرائیلی دہشتگردوں کے حملے کی بھرپور مزمت کرتے ہوئے کہا کہ فلسطینی عوام پر مظالم ڈھائے جا رہے ہیں عالمی استعماری قوتیں ان مظالم کی مذمت کرنے کی بجائے وہاں اس کے خلاف جاری جدوجہد کو کچلنے میں اسرائیل کی مدد کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالم اسلام آج پھر قبلہ اول کی آزادی کے لئے سلطان صلاح الدین بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

کھیل صحت مند زندگی کے حصول کیلئے نہایت ہی ضروری ہیں، یاسر حسین

جھل مگسی میں اسپورٹس کی سرگرمیوں میں نوجوانوں کی خصوصی دلچسپی قابل ستائش ہے

جھل مگسی (خ ن) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی فلائیٹ لیفٹیننٹ (ر) یاسر حسین نے ضلعی ہیڈ کوارٹر گندواہ شہید نواب سیف اللہ خان مگسی کرکٹ اسٹیڈیم میں مرحوم میر محمد اسلم خان مگسی رمضان المبارک نائٹ کرکٹ ٹورنامنٹ کا اسٹروک کھیل کر باقاعدہ افتتاح کیا اس موقع پر کھلاڑیوں نے اپنے معززین مہمانان گرامی ڈپٹی کمشنر جھل مگسی فلائیٹ لیفٹیننٹ (ر) یاسر حسین، میونسپل کمیٹی گندواہ کے منتخب چیئرمین ایڈووکیٹ مشتاق احمد ترین و دیگر معزز مہمانوں کا گراؤنڈ میں بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

کوئٹہ عوام کا نجی ٹیوب ویلز کو این او سی جاری کرنے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ

عبدالولی چوک، محمد خیبر روڈ پشتونزرہ کوئٹہ کے رہائشیوں کو پینے کے پانی کی شدید قلت کا سامنا ہے

سرکاری ٹیوب ویل خشک ہوا تو ہزاروں گھر پینے کے پانی سے محروم ہو جائیں گے، مظاہرین کا خطاب

کوئٹہ (این این آئی) محمد خیبر روڈ، عبدالولی چوک، قدوس روڈ اور ترین روڈ کے رہائشیوں نے نجی ٹیوب ویلز کو این او سی جاری کرنے کے خلاف کوئٹہ پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کیا، مظاہرین کا کہنا تھا کہ سرکاری ٹیوب ویل خشک ہوا تو ہزاروں گھر پینے کے پانی سے محروم ہو جائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق محمد خیبر روڈ، عبدالولی چوک، قدوس روڈ اور ترین روڈ کے رہائشیوں نے نجی ٹیوب ویلز کو این او سی جاری کرنے کے خلاف کوئٹہ پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کیا، مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن میں مطالبات کے حق میں نعرے درج تھے، اس موقع پر مظاہرین کا کہنا تھا کہ عبدالولی چوک، محمد خیبر روڈ پشتونزرہ کوئٹہ کے رہائشیوں کو پینے کے پانی کی شدید قلت کا سامنا بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: ایرانی قونصل جنرل آغائے حسن درویش وند کی جانب سے تاجروں کے اعزاز میں دیئے گئے افطار ڈنر کے اختتام پر گروپ فوٹو

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی حب میں کارروائی

آئس فیکٹری، بیکنگ یونٹ، جنرل اسٹور جرمانہ عائد

حب (این این آئی) مضر صحت و ناقص خوردنی اشیا فروخت کرنے والے مراکز کے خلاف حب شہر میں بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کاروائی 01 آئس فیکٹری، 01 بیکنگ یونٹ، 01 جنرل اسٹور جرمانہ عائد مراکز کے خلاف کارروائی ڈائریکٹر آپریشنز (ہیڈ کوارٹر) طارق حسین کی سربراہی و ضلعی انتظامیہ کی موجودگی میں کی گئی آئس فیکٹری کو صفائی کی خراب صورتحال برف کی تیاری میں آلودہ و غیر صحت بخش پانی کے استعمال سمیت مختلف وجوہات جبکہ بیکنگ یونٹ کو ایس بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

ایم پی اے خضدار میر یونس عزیز زہری کی آغا شکیل احمد خضداری سے ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما آغا شکیل احمد خضداری سے جمعیت علما اسلام کے رہنما و ایم پی اے خضدار میر یونس عزیز زہری کی ملاقات، ملاقات میں میر یونس عزیز زہری نے آغا شکیل احمد بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

ملک دشمن عناصر ججوں کو متنازعہ بنا رہے ہیں، رحیم کاکڑ

اسٹام پر بھاگے ہوئے چوروں کو نہیں کرنے دیا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) تحریک انصاف کے ارکان سابق میئر رحیم کاکڑ، آغا عمر شاہ، میر داؤد کاکڑ ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، شاہ مسعود، نعیم جمال، ملک نصیب اللہ، ملک احسام الدین، ملک پاکندخان، توقیر بھٹی نے اپنے وضاحتی بیان میں کہا ہے کہ میڈیا میں کرپٹ پی ڈی ایم میں نام نہاد و مذہب پرست و قوم پرست اور پچاس روپے کے اسٹام پر بھاگے ہوئے چوروں اور دیگر نام نہاد چوروں اور کرپٹ بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

لورالائی لیویز فورس کی شہر میں گرانفروش درزیوں کے خلاف کارروائیاں

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی سوہان سلیم ڈومکی کی خصوصی ہدایات پر گزشتہ روز اسسٹنٹ کمشنر بوری ظہور احمد بلوچ نے لیویز فورس کے ہمراہ لورالائی میں گرانفروش درزیوں کے خلاف کارروائی کی اسسٹنٹ کمشنر کی سربراہی میں لیویز فورس نے شہر میں گرانفروش درزیوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 7 درزیوں کی دکانیں سیل اور دو دو ہزار روپے جرمانہ عائد کیا اور وارننگ دی کہ دکان کے سامنے بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کے سیشن کا آغاز آج سے ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے سیشن کا آغاز آج سے ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا۔ اجلاس میں رکن صوبائی اسمبلی نصر اللہ خان زیرے جامعہ بلوچستان اور بیوٹمر کے ملازمین کی تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے حوالے سے اٹھائے گئے اقدامات پر توجہ دلاؤ نوٹس پیش بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: انسکب روڈ پر ریڑی بان سے موٹر سائیکل سوار تربوز خرید رہا ہے

سول ہسپتال حب جام غلام قادر میں ادویات، ایکسرے فلم و دیگر سہولیات کا فقدان

حب (نمائندہ) حب/ بلوچستان کے سب سے بڑے صنعتی شہر اور سب سے زیادہ ریونیو دینے والا شہر پورے ڈسٹرکٹ کا بڑا سول ہسپتال حب جام غلام قادر میں عرصہ دراز سے ادویات، ایکسرے فلم، لیبارٹری سمیت بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

پاکستان پیپلز پارٹی ہی اقلیتی برادری کی حقوق کی ضامن ہے، روزی خان کاکڑ

پاکستان پیپلز پارٹی ہر قسم کی تعصبات سے بلاتر ہو کر تمام مذاہب و عقائد کا احترام کرتی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہر قسم کی تعصبات سے بلاتر ہو کر تمام مذاہب و عقائد کا احترام کرتی ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی ہی اقلیتی برادری کی حقوق کی ضامن ہے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو پاکستان سمیت دنیا بھر میں آباد مسیحی برادری کو ایسٹر کا تہوار بھرا تہوار کے موقع پر مسیح برادری کو مبارکباد دیتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے 1973ء کے آئین میں بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

ہلال احمر کی ضلع نصیر آباد میں سیلاب متاثرین میں راشن کی تقسیم

ایک ہزار انتہائی متاثرہ گھرانوں میں 51 کلوگرام کا راشن پیکج دیا گیا

نصیر آباد (یو این اے) ہلال احمر پاکستان کے زیر اہتمام رمضان المبارک میں سیلاب متاثرہ علاقوں میں امدادی سامان و راشن پیکج کی تقسیم بدستور جاری ہے۔ اس حوالے سے چیئرمین ہلال احمر سردار شاہد احمد لغاری کی ہدایت پر بلوچستان کے ضلع نصیر آباد میں ایک ہزار انتہائی متاثرہ گھرانوں میں 51 کلوگرام کا راشن پیکج تقسیم کیا گیا۔ ایک راشن پیکج میں آٹا، چاول، کوکنگ آئل، چینی، دالیں، چائے، نمک کے علاوہ مصالحہ جات شامل ہیں۔ اس موقع پر چیئرمین ہلال احمر بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

کچی بیگ پولیس نے چوروں کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے تین چوروں کو گرفتار کر لیا

کوئٹہ (آن لائن) کچی بیگ پولیس نے چوروں کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے تین چوروں کو گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کچی بیگ پولیس نے گھروں اور دکانوں میں چوری کرنے کی وارداتوں میں ملوث تین چوروں غلام قادر، عبدالوہاب، اور شاہزیب کو گرفتار کر کے انکیخلاف مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔

سیلاب کے بعد صحت پور میں عوام کی مشکلات میں اضافہ کوئی پرسان حال نہیں

لوگوں کی چیخیں نکل رہی ہیں نہ بجلی نہ صاف پانی سیلاب کے بعد لوگو۔ کا برا حال ہے

فرید آباد/صحت پور (این این آئی) ضلع صحت پور دو بدقسمت ضلع ہے جہاں لوگوں کو سہولیات پسند اور ناپسند کے بنا پر دی جاتی ہے کھلاڑی لوگاں نصیر احمد کھوسہ اس جدید دور میں قدیم دور کی عکاسی کرتا ہوا لوگوں کی چیخیں نکل رہی ہیں نہ بجلی نہ صاف پانی سیلاب کے بعد لوگو۔ کا برا حال ہے گاں نصیر احمد کھوسہ میں تمام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں سیلاب کے بعد آج تک کسی حکومتی نمائندے اور نہ ہی این جی اوز نے رخ کر کے کچھ دلاسہ دیا ہو افسوس کا مقام بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: ایئرپورٹ روڈ پر سڑک کنارے کچرے کی ٹپ سے بچہ کچرہ چن رہے ہیں

کیپٹن (ر) تنویر عالم کی کاوش احسن اقدام مستحق 500 گوٹھوں میں راشن بیگ تقسیم

حب (نمائندہ خصوصی) حب اٹک سیمنٹ کمپنی کے جنرل منیجر کیپٹن (ر) تنویر عالم کی کاوش احسن اقدام مستحق 500 گوٹھوں میں سے زائد میں راشن بیگ تقسیم کئے۔ تفصیلات کے مطابق حب اٹک سیمنٹ پاکستان لمیٹڈ فیکٹری کے جنرل منیجر کیپٹن (ر) تنویر عالم کی جانب سے ماہ صیام المبارک میں اب تک مختلف گوٹھوں میں 500 سے زائد لوگوں میں راشن بیگ تقسیم بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

میر سلیم احمد خان کھوسہ کی بڑھتی ہوئی مقبولیت عوامی اعتماد کا اظہار ہے، میر کاشف اللہ خان کھوسہ

صحت پور کی تعمیر و ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لیے ہر ممکن دستیاب وسائل کو بروئے کار لا رہے ہیں

مانجھی پور (نامہ نگار) تحصیل فرید آباد کے معروف سیاسی و سماجی شخصیت یوسی چیرمین میر کاشف اللہ خان کھوسہ نے کہا ہے کہ موجودہ صورتحال میں بھی رکن بلوچستان اسمبلی میر سلیم احمد خان کھوسہ کی مرحوم میر محمد اسلم خان مگسی رمضان المبارک نائٹ کرکٹ ٹورنامنٹ کا اسٹروک کھیل کر باقاعدہ افتتاح کیا، اس موقع پر کھلاڑیوں نے اپنے معززین مہمانان گرامی ڈپٹی کمشنر جھل مگسی فلائیٹ لیفٹیننٹ (ر) یاسر حسین، میونسپل کمیٹی گندواہ کے منتخب چیئرمین ایڈووکیٹ مشتاق احمد ترین و دیگر معزز مہمانوں کا گراؤنڈ میں خوشحالی کے لیے ہر ممکن دستیاب وسائل کو بروئے کار لا رہے ہیں ضلع بھر میں ریکارڈ ترقیاتی کاموں کے سبب عوامی بنیادی مسائل احسن طریقے سے حل ہو رہے ہیں مانجھی اقوام نے تہہ کر رکھا ہے کہ علاقائی سطح پر عوامی بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

جامعہ بلوچستان کی جوائنٹ ایکشن کمیٹی نے بلوچستان اسمبلی کے باہر دھرنے کی کال بھی دے دی

اساتذہ اور ملازمین کو تاحال پچھلے تین ماہ کی تنخواہوں کی عدم ادائیگی سے ملازمین مشکلات سے دوچار ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جامعہ بلوچستان کی جوائنٹ ایکشن کمیٹی نے اساتذہ اور ملازمین کو تاحال پچھلے تین ماہ کی تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر غم و غصے کا اظہار کیا جبکہ بلوچستان اسمبلی کے باہر دھرنے کی کال بھی دے دی۔ شاہ علی بگٹی کی زیر صدارت جوائنٹ ایکشن کمیٹی جامعہ بلوچستان کا ایک اہم اور ہنگامی اجلاس منعقد ہوا جس میں پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بزنجو، نذیر احمد لہڑی، فرید خان اچکزئی، نعمت اللہ کاکڑ، پروفیسر ارسلان شاہ، سید شاہ بابر، عبداللہ مینگل، اسماعیل بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

تعلیمی بحران اور سنگین صورتحال اختیار کر چکی ہے، عبدالمتین اخوندزادہ

تحقیق و جستجو اور تخلیق و تدبیر کی مجموعی کاوشیں پہلے سے ناپید تھیں اب ملازمین اور پروفیسروں بھی تنخواہوں سے محروم ہیں

مادر علمی جامعہ بلوچستان انتہائی سنگین صورتحال کے باعث مکمل بندش کی طرف رواں دواں ہے

کوئٹہ (این این آئی) مجلس فکر و دانش علمی و فکری مکالمے کے سربراہ عبدالمتین اخوندزادہ نے تھیک ٹیک کے پالیسی بیان میں کہا گیا کہ صوبے کے یونیورسٹیوں و جامعات اور اعلیٰ تحقیق و جستجو کے اداروں کی ابتر صورتحال انتہائی سنگین و تشویشناک صورت حال اختیار کر چکی ہیں تحقیق و جستجو اور تخلیق و تدبیر کی مجموعی کاوشیں پہلے سے ناپید تھیں اب تو ملازمین اور پروفیسروں کی تنخواہیں دینے کے قابل جامعات کا نظام کار نہیں رہا ہیں جس کے باعث معاشرتی ترقی و پیشرفت کے سلسلے میں مفید اور تعمیری ماحول کی تشکیل و تعمیر نو کا خواب تشنہ تکمیل و فکری مکالمے کی مجموعی صدف ناممکن نظر آتا ہے جس کی تمام تر ذمہ داری یونیورسٹیوں میں خود ساختہ قوانین سازی اور تمام اسٹیک ہولڈرز کی مجموعی ناکامی شمار کی جا سکتی ہیں جس بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

ہزار گنجی کی اراضیات مری قوم کی ملکیت ہیں، داؤد شاہوانی

اس عظیم قوم کی قربانیاں تاریخ کبھی فراموش نہیں کر سکتی

نواب خیر بخش مری عظیم رہنما تھے، قوم انہیں یاد رکھے گی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما ممتاز قبائلی شخصیت حاجی میر داود شاہوانی نے کہا کہ مری قوم انتہائی بہادر اور انسانیت پسند قوم ہے۔ اور اس تاریخی قوم کے ساتھ ہمارے برادرانہ تعلقات ہیں اس قوم کی قربانیاں تاریخ فراموش نہیں کر سکتی انہوں نے کہا۔ انہی عظیم قربانیوں کے صلے میں نیو کاہان مری کیمپ ہزار گنجی کی اراضیات مری قوم کو الاٹ کی گئی جواب ان کی ملکیت ہیں اور نیو کاہان مری کیمپ ہزار گنجی میں عظیم رہنما نواب خیر بخش مری اور دیگر شہدا کی قبریں ہیں۔ اس لیے بھی مری کیمپ ہمارے لیے مقدس ہے۔ انہوں نے کہا کہ نواب خیر بخش مری کے بیٹے نواب چنگیز مری، نواب گزین مری بھی ہمارے لئے بلند مقام اور درجہ رکھتے ہیں انہوں نے کہا کہ بعض شر پسند عناصر مری قوم کے حوالے سے غلط فہمی اور بدگمانیاں پیدا کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں۔

تعلیمی بحران اور سنگین صورتحال اختیار کر چکی ہے، عبدالمتین اخوندزادہ

تحقیق و جستجو اور تخلیق و تدبیر کی مجموعی کاوشیں پہلے سے ناپید تھیں اب ملازمین اور پروفیسروں بھی تنخواہوں سے محروم ہیں

مادر علمی جامعہ بلوچستان انتہائی سنگین صورتحال کے باعث مکمل بندش کی طرف رواں دواں ہے

کوئٹہ (این این آئی) مجلس فکر و دانش علمی و فکری مکالمے کے سربراہ عبدالمتین اخوندزادہ نے تھیک ٹیک کے پالیسی بیان میں کہا گیا کہ صوبے کے یونیورسٹیوں و جامعات اور اعلیٰ تحقیق و جستجو کے اداروں کی ابتر صورتحال انتہائی سنگین و تشویشناک صورت حال اختیار کر چکی ہیں تحقیق و جستجو اور تخلیق و تدبیر کی مجموعی کاوشیں پہلے سے ناپید تھیں اب تو ملازمین اور پروفیسروں کی تنخواہیں دینے کے قابل جامعات کا نظام کار نہیں رہا ہیں جس کے باعث معاشرتی ترقی و پیشرفت کے سلسلے میں مفید اور تعمیری ماحول کی تشکیل و تعمیر نو کا خواب تشنہ تکمیل و فکری مکالمے کی مجموعی صدف ناممکن نظر آتا ہے جس کی تمام تر ذمہ داری یونیورسٹیوں میں خود ساختہ قوانین سازی اور تمام اسٹیک ہولڈرز کی مجموعی ناکامی شمار کی جا سکتی ہیں جس بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر